Mr. Chairman: You noted that. We will go to Q. 111. Dr. Muhammad Ismail Buledi.

111. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** (Notice received on 02-01-2006 at 7.18 p.m.)

Will the Minister for Health be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to appoint more lady health workers in the provinces, if so, its details?

Mr. Muhammad Nasir Khan: Out of a target of one hundred thousand LHWs 91429 have already been nominated and the remaining 8571 are under process of recruitment.

Mr. Chairman: Answer taken as read. Any supplentary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب چیئرمین! میں نے وزیر صاحب سے پوچھا تھا کہ پورے ملک میں صوبہ وار Lady Health Worker کتنی ہیں اور مزید کتنی appoint کرنے کا پروگرام ہے ۔انہوں نے جواب میں کہا کہ ۹۱۴۲۹ ہم نے appoint کی ہیں اور ۸۵۷۱ مزید بھرتی کریں گے۔ جناب چیئرمین! وزیر صاحب سے پہلے بھی میں نے ایک دو دفعہ سوال کیا تھا اور ذاتی طور پر ملاقات میں کہا تھا کہ اس کے لئے ایک meeting بلائیں۔ 91000 amongst only 3000 belong to Balochistan جبکہ ہمارا quota 5.5% ہے ۔ ہم ہردفعہ ' ہر جگہ روتے ہیں ' چلاتے ہیں کہ بلوچستان پسماندہ ہے ۔ ہمارے ہامکران ' نصیر آباد ' گوادر ،پنجگور میں بعض ایسے علاقے ہیں جہاں سو گھر ہیں' وہاں پر کوئی ہسپتال ہے' نہ دوائی ہے اور نہ ہی لیڈی ڈاکٹر ہے ۔ just like میری اپنی آبائی تحصیل بلیدہ ہے اس کی آبادی لاکھ سے زیادہ ہے ۔ وہاں پر ابھی تک ایک لیڈی ڈاکٹر نہیں ہے ۔ جناب والا! یہ جو first aid کے لئے LHW جاتی ہیں یا analgesic medicines کوئی اور first aid سے لوگوں کو مطمئن کرتے ہیں ۔ اگر یہ بھی نہ ہوں تو کیا ہو ۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ ذمہ دار لوگوں کو بلائیں اور ہمارے سامنے بٹھائیں اور ہمیں بتائیں کہ ہمارا کوٹہ زیادہ ہے تو ٹھیک ۔نہیں ہے تو ہم مطمئن ہو جائیں گے ۔ میں نے چار مرتبہ اپنے letter pad پر لکھ کر وزیر صاحب کو دیا تھا ۔ لیکن انہوں نے اس کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا ۔یہ ہمارا حق ہے ' یہ سینیٹ ہے اور وہ بھی ایک ایم این اے ہیں ۔ مجھے افسوس ہے وہ ایسا کرتے ہیں ۔ مجھے بتائیں کہ یہ بلوچستان کا کوٹہ کیوں کم ہے ۔ اور یہ جو آٹھ ہزار ہیں ۔ وزیراعظم نے پچاس ہزار LHW بھرتی کرنے کا اعلان کیا تھا ۔ بلوچستان میں جو اس پروگرام سے منسلک لوگ ہیں انہوں نے کہا کہ پچاس ہزار میں سے ہمیں دو فیصد بھی نہیں ملے ۔ خدا را ! بلوچستان کے حال پر رحم کریں ۔ ابھی یہ جو حالات ہیں ۔ ہر میدان میں بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے ۔ وزیر صاحب بتائیں کہ یہ کیوں ہو رہا ہے ۔

جناب چیئرمین، جواب سن لیں ۔ نصیر خان صاحب ۔

جناب محمد نصیر خان، میرے بھائی اور دوست بلیدی صاحب ہمیشہ ہی Lady Health Workers کی بات کرتے ۔ Male Health Worker کی بات نہیں کرتے ۔ میں ان کو facts دینا چاہتا ہوں کہ 91000 سے ایک لاکھ ۔ ابھی انہوں نے کہا تھا The honourable Senator نے کہ تین ہزار وہاں پر ہیں ۔ اب بلوچستان کی جو allocation ہے وہ 6000 LHW ہیں اور آج تک پانچ ہزار چھ سو ساٹھ recruit ہو چکی ہیں اور تین سو چھتیس ہم نے وہاں پر recruit کرنی ہیں ۔ اور جو آپ نے خط لکھا ہے اس کی وجہ سے ہی ہم نے اس کو increase کیا ہے ۔ کیونکہ آپ نے ہمیشہ اس پر اپنی concern show کی ہے ۔ میں نے ایک دفعہ آپ کو لکھا بھی تھا کہ ہم بلوچستان میں meeting کریں گے اگر آپ ہمیں کوئی وقت دے دیں کہ ہم سب کو بلا کر بلوچستان پر ایک بریفنگ دے لیں اور میری بات چیت بھی ہوتی رہی ہے ۔ یہ کبھی ہو نہیں سکتا کہ مجھے کوئی بھی خط لکھے اور میں اس کو پھینک دوں ۔ میں تو ان کی بڑی عزت کرتا ہوں، یہ جو increase ہوئی ہے یہ بھی ان کی وجہ سے ہے ۔ میں نے ایک اور بھی بات کی تھی کہ اگر آپ کہیں دیکھتے ہیں کہ واقعی بہت سخت ضرورت ہے ۔ آپ مجھے لکھیں and we will look into it. ۔ دوسری بات انہوں نے کی کہ وہاں پر ہسپتال ہیں اور نہ ہی ڈاکٹر ہیں that is a Provincial responsibility لیکن اس میں بھی اگر آپ چاہیں تو please مجھے لکھیں I will talk to the Provincial Minister and the Chief Minister اور انشاء اللہ جو بھی جہاں پر lapses ہیں اس کو پورا کریں گے ۔ لیکن بار بار یہ بات کرنی کہ بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے ۔ انشاء اللہ کبھی نہ ہم ایسی زیادتی کریں گے اور نہ کبھی ہو گی ۔ سارا ملک ہمارا ملک ہے، ہر بچی چاہے بلوچستان کی ہو ہماری بچی ہے، ہماری بہن ہے یہ کبھی ہو نہیں سکتا کہ ہم بلوچستان کے ساتھ یا کسی بھی صوبے کے ساتھ یا کسی بھی پاکستانی کے ساتھ ایسا رویہ رکھیں جس سے آپ کے دل میں آئے کہ ہم زیادتی کر رہے ہیں it is not possible۔

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے کہ آئندہ جب بھی آپ جواب دیں ان کو communicate ضرور کردیا کریں ۔ ان سے contact رکھیں کیونکہ communication نہیں ہوتی اس لئے پھر ان کو گلہ رہتا ہے ۔

جناب محمد نصیر خان، جناب چیئرمین! میں ان سے ملتا بھی رہتا ہوں اور بات چیت بھی ہوتی رہتی ہے۔ میں ایسا کرتا ہوں کہ اگر یہ مجھے کوئی وقت دے دیں اگلے دو ہفتوں میں تو بلوچستان میں ایک meeting رکھ لیں گے then we can appraise the whole situation.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، میں سمجھتا ہوں کہ Minister Sahib جو کرتے ہیں یہ seriously اس مسئلے کو نہیں لے رہے ہیں۔ یہ ہنسی مذاق نہیں یہ سینیٹ ہے۔ یہاں سنجیدگی سے بات کریں۔ یہ نہیں کہ زبان سے جو نکلتا ہے، ہم بھی ممبر ہیں just like you.

جناب چیئرمین، نہیں وہ سنجیدگی سے آپ کو جواب دے رہے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، نہیں، جناب چیئرمین! ہم کوئی بھیک نہیں مانگتے۔ یہ جو انہوں نے دیا ہے یہ کوٹہ بالکل کم ہے۔ 5.5 ہمارا کوٹہ ہے اور وہ 3.5 سمجھ رہے ہیں۔ ہم ابھی بھی آپ سے کہتے ہیں کہ جو آپ نے vehicles بلوچستان کو دیئے ہیں، جو پنجاب اور سرحد کو دیئے ہیں national programme میں ان کو بھی چیک کریں۔ آپ جتنے بھی فنڈ دے رہے ہیں اس میں چاروں صوبوں کو سامنے رکھیں اور ابھی بتائیں، کیوں گھبراتے ہیں۔ آپ table پر بات کریں۔ تین سال سے تو میں کہہ رہا ہوں، وہ مذاق کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، ان سے وہ commit کر رہے ہیں، آپ مجھے بتائیے گا کہ وہ نہیں کر رہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، آپ کو تو میں نے بتایا، آپ کی بھی کوئی سنے۔ آپ کی بھی نہیں سنتے ہیں۔

جناب چیئرمین، آپ نے مجھے کب بتایا؟

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، میں نے تو کئی دفعہ بتایا، آپ نے کہا کہ ہم سب meeting کریں گے۔ اس نے مجھے خود کہا۔

جناب چیئرمین، مجھے یاد نہیں ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، ابھی بھی کہتے ہیں کہ بلیدی کو صرف اپنے workers کے interest کا خیال ہے۔ یہ کوئی بات ہے؟ کیسی باتیں آپ کرتے ہیں۔ ہمارے

صوبے کی جو demand ہے اور ہم اس پر جب بات کرتے ہیں تو۔۔۔ آپ عجیب آدمی ہیں۔

جناب محمد نصیر خان، نہیں، میں بڑی سنجیدہ بات کر رہا ہوں اور میں نے کوئی ایسی مذاق کی بات نہیں کی۔ کوٹہ انہوں نے کہا ہے تین ہزار ہے تو میں نے ان کو figure نہیں دی تھی۔ 5,664 میں نے quote کی ہے اور میں نے کہا ہے کہ 336 extra recruit کیے لیکن اس کے علاوہ بھی میں نے ابھی کہا ہے کہ اگر واقعی یہ کوئی ایسی جگہ دیکھیں تو ضرور رکھیں۔

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے یہ contact رکھیں۔ دوسری meeting جلدی convene کریں۔ کوئٹہ میں رکھ لیں۔

جناب محمد نصیر خان، کل میرے office میں ایک meeting ہے۔ جب بھی آئیں، میں ان کے پاس چلا جاتا ہوں۔

جناب چیئرمین، بلیدی صاحب کیا آپ کل available ہیں؟

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، نہیں جی میں meeting نہیں کروں گا۔

جناب چیئرمین، اچھا کوئٹہ میں meeting رکھ لیں۔

جناب محمد نصیر خان، اب دیکھیں یہ honourable Senator Sahib ناراض ہیں، meeting ضرور رکھنی چاہیے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، مجھے پتا ہے یہ serious نہیں ہیں تو میں کیا meeting کروں گا۔ میں نے ان کو کئی دفعہ لکھا ہے کہ وہاں ضرورت ہے۔ ابھی مجھے کہتے ہیں کہ اگر ضرورت ہے تو لکھ کر دے دیں۔ میں نے کئی دفعہ لکھ کے دیا ہے۔ یہ عجیب آدمی ہیں۔ میں جیسے بھیک مانگ رہا ہوں۔ ہم اپنا حق مانگ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، تشریف رکھیں ۔ میں عرض کرتا ہوں۔ آپ نے لکھ کر دیا ہے، وسائل کے حساب سے ہی وہ اس کو accommodate کر سکتے ہیں اور میرا خیال ہے، آپ سے request ہے کہ آپ ان سے بات کرلیں۔ جو نہیں ہو رہا وہ آپ مجھے بتائیں کہ یہ agree نہیں ہو رہا ہے، یہ نہیں کر رہے اور یہ ہماری demand ہے تو میں بھی ان سے پوچھ لوں گا ۔ اگر وسائل نہ ہوں تو اور بات ہے۔

میرا خیال ہے وہ seriously اس کو attend کر رہے ہیں۔ انہوں نے recruitment کی بھی بات کی ہے اور انشاء اللہ آپ یقین رکھیں پورا رہے گا۔

سینیٹر کامل علی آغا، میں گواہ ہوں اس بات کا۔ بلیدی صاحب نے یہ کہا کہ نصیر صاحب نے یہ کیوں کہہ دیا کہ ہر دفعہ Lady Health Visitor کی بات کرتے ہیں - یہ بات درست ہے، مان لیں بلیدی صاحب کہ ہر دفعہ Lady Health Visitor کی بات کرتے ہیں وہ۔ اس میں کوئی شک والی بات نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، ڈاکٹر خالد رانجھاصاحب کا supplementary سن لیں۔ ٹائم ختم ہو رہا ہے۔ بلیدی صاحب تشریف رکھئیے کوئی ایسی بات نہیں ہے، تشریف رکھئے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، یہ اپنے الفاظ واپس لیں۔ یہ کہہ رہے ہیں کہ Lady Health Visitor کا بار بار سوال کر رہے ہیں۔ یہ کیوں انہوں نے کہا ہے؟

جناب چیئرمین، نہیں وہ ایک point آپ نے raise کیا تو وہ اس پر comment کر رہے تھے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب چیئرمین! میں کہہ رہا ہوں کہ یہ میرا right ہے کہ بار بار سوال کرتا ہوں۔ یہ اپنے الفاظ واپس لیں نہیں تو میں واک آؤٹ کرتا ہوں۔ یہ کیا مذاق ہے۔

جناب چیئرمین، آپ کس بات پر واک آؤٹ کرنا چاہ رہے ہیں؟

جناب محمد نصیر خان، جناب چیئرمین! میں نے صرف یہ کہا تھا basically کہ they can ask about Lady Health Worker. They can ask about doctors, Nurses. یہ ان کا right ہے۔ میں نے تو کچھ نہیں کہا۔ میں نے صرف کہا کہ emphasis ہے۔ اسی وجہ سے ہم نے پہلے increase کیا تھا پہلے۔ یہ میرے ساتھ بیٹھ جائیں۔ I will give them on paper. ایک ایک چیز کا حساب دوں گا۔ اس میں چھپانے کی بات نہیں ہے۔ اگر یہ چاہتے ہیں کہ زیادہ ضرورت ہے تو میں نے کہا ہے کہ وہ بھی دیکھ لیں گے۔

(مداخلت)

جناب نصیر محمد خان: میں نے تو کچھ کہا ہی نہیں ہے اور اگر کچھ کہا ہے تو وہ الفاظ واپس لے لیتا ہوں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: اگر ان کی دل آزاری ہوئی ہے تو آپ کہیں کہ میں معذرت کرتا ہوں۔

Mr. Muhammad Nasir Khan: I have not said anything offensively.

(interruption)

جناب محمد نصیر خان: جو meeting بلانی ہے، اس میں سعدیہ صاحبہ بھی آ جائیں، she can be a witness ہم اسے meeting میں حل کر لیں گے۔

سینیٹر پروفیسر ساجد میر: محروم طبقے کے لئے سوال اٹھانا، بڑے ثواب کا کام ہے اور بلیدی صاحب کو ناراض نہیں ہونا چاہئیے۔

(مداخلت)

Senator Dr. Khalid Ranjha: Will the Minister for Health state whether there is any proposal under consideration of the Government to appoint more Lady Health Workers in the provinces?

بلیدی صاحب نے کہا ہے کہ صوبوں میں آپ کتنی Lady Health Workers appoint کر رہے ہیں اور اس کی detail کیا ہے؟ وزیر صاحب نے اس کا جواب نہیں دیا۔ اگر اس کا وزیر صاحب صحیح جواب دے دیتے تو شاید یہ بحث نہ ہوتی۔ اگر بلیدی صاحب کہتے ہیں کہ وہ لفظ واپس لیں تو کہہ دیں کہ ہاں جی! He is not obsessed. انہوں نے یہی کہا ہے کہ Buledi Sahib is stressing for the Lady Health Workers, تو کہہ دیں کہ ہاں جی! he withdraw it and he is not obsessed. لیکن جو جواب ہے، وہ صحیح دے دیں کہ province-wise break-up کیا ہے۔ سوال کا جواب ٹھیک نہیں آیا ہے۔

Mr. Muhammad Nasir Khan: I have given the right answer.

جب میں نے کہا ہے کہ بلوچستان کی total requirement was 6 thousand allocation.
5664 have been recruited. اب 336 extra recruite کرنے ہیں۔

جناب چیئرمین: رانجھا صاحب کا کہنا ہے کہ ساری province-wise details دے دیں۔

جناب محمد نصیر خان: جناب والا! میں انہیں provinces-wise details دے دیتا ہوں۔ انہوں نے صوبہ بلوچستان کے بارے میں پوچھا ہے۔میں آپ کو details province-wise بتا دیتا ہوں۔ پنجاب میں 3838 ہیں، سندھ میں 1336 ہیں، سرحد میں 3066 ہیں، بلوچستان میں 3036 ہیں، AJK میں 382 اور FATA میں 222 اور Capital city میں 45 ہیں۔

جناب چیئرمین: رزینہ عالم صاحبہ! last supplementary.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اگر supplementary نہیں ہے تو پھر ضرورت نہیں ہے۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب والا! وزیر صاحب بڑے اچھے آدمی ہیں۔ اگر وہ کہتے ہیں کہ Lady Health Workers نہیں ہیں تو میں کہتا ہوں کہ ہمیں وہاں Lady Doctors کی سخت ضرورت ہے۔ وہ ہمیں دے دیں، میں اس کا مطالبہ کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ کے جو مسائل ہیں، آپ ان کی ضرور نشاندہی کریں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، میری دوسری گزارش یہ ہے کہ انہوں نے اس ہاؤس میں وعدہ کیا تھا کہ وہ جلد بلوچستان میں شیخ زاید ہسپتال کا افتتاح کریں گے۔ اب ہسپتال تیار ہے۔ انہوں نے آج سے آٹھ ماہ پہلے اس کے افتتاح کا اسی ہاؤس میں وعدہ کیا تھا۔میں اب کوئٹہ گیا تھا اور ہسپتال اب بھی ان کا انتظار کر رہا ہے۔ مہربانی کرکے آج ہاؤس میں genuine وعدہ کریں، اصلی وعدہ کریں کہ وہ اس کا کب افتتاح کر رہے ہیں؟ یہ ان کی بڑی مہربانی ہوگی۔

جناب محمد نصیر خان: میں ان کی بڑی قدر کرتا ہوں۔ آپ دیکھیں کہ اب یہ سوال کرکے ہنس رہے ہیں۔ بلیدی صاحب! آپ انہیں بھی دیکھیں کہ وہ بھی ہنس رہے ہیں۔ آپ

مجھ سے ویسے ہی ناراض ہو گئے ہیں۔ میں تو خوش رہنا چاہتا ہوں اور آپ کو بھی خوش رکھنا چاہتا ہوں۔

جناب والا! انہوں نے جو دوسری بات کی ہے کہ why it was delayed. انہوں نے بات بالکل صحیح کہی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں earthquake آ گیا تھا۔ پچھلے ساڑھے تین، چار ماہ سے ہم اسی میں مصروف رہے ہیں۔infact ہمارے لئے اگلے دو ماہ بھی بڑے important ہیں کہ کسی طرح سردیوں کا موسم نکل جائے لیکن میں کوشش کر رہا ہوں کہ جتنی جلدی ہو سکے، اس کا افتتاح کیا جائے۔ ہم نے اس کی ساری report بھی بنا لی ہے۔اس کے لئے ہمیں گورنر صاحب نے بھی invite کیا تھا لیکن earthquake کی وجہ سے ابھی تک یہ مسئلہ معرض التوا میں ہے۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب والا! اس کی حتمی تاریخ کی بات ہونی چاہئیے۔

جناب نصیر محمد خان: جہاں تک تاریخ کا تعلق ہے، انشاء اللہ within a week اس کی تاریخ کا اعلان کر دیتے ہیں۔ اس سلسلے میں ہمیں گورنر صاحب سے بات کرنی ہے تاکہ انہیں جو date suit کرتی ہو، وہ دیکھ لیں۔ یہ ساری چیزیں طے کرکے انشاء اللہ as early as possible اس کے افتتاح کی تاریخ کا اعلان کر دیں گے اور آپ بھی ہمارے ساتھ جائیں گے۔

جناب چیئرمین، رزینہ صاحبہ۔

سینیٹر رزینہ عالم خان: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ کیا یہ حقیقت ہے کہ Lady Health Workers کی تنخواہوں کا سکیل کم ہے۔ میں چونکہ Standing Committee on Health کی ایک ممبر ہوں۔ ہماری اس کمیٹی میں ان کی تنخواہوں کی تفصیل آئی تھی ۔ یہ دیکھ کر ہمیں اندازہ ہوا ہے کہ یہ بہت کم ہیں۔ میں ان سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ کیا ان کی تنخواہوں کا scale بڑھانے کی کوئی تجویز ہے؟

جناب محمد نصیر خان: ہم نے اس پر غور کیا ہے اور اس میں تھوڑا سا اضافہ کر رہے ہیں لیکن اگر ہم اس میں مزید اضافہ کریں گے تو financial resources پر یک دم بوجھ پڑے

گا۔ اب ہم ان کی specially obstetrician section میں capacity and ability enhance کر رہے ہیں تاکہ اگر ان کی child and mother care پر تھوڑی سی efficiency بڑھ جائے تو they can be more effective. اس سے mother and child mortality rates بھی کم ہو جائیں گے۔ اس لئے جب یہ skill سامنے آ جائے گی تو then we plan to increase their salaries with the donor agencies.

Mr. Chairman: Now, we go to Question No. 112. Mrs . Kulsoom Perveen.

سینیٹر آغا پری گل :بہت بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین! مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بلوچستان کے بارے میں بلوچستان کے سینیٹر یہاں سوال اٹھاتے ہیں۔آپ یقین کریں کہ ہر چیز مذاق میں ٹال دیتے ہیں۔ یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ ہماری ضرورت کی کوئی چیز ہوتی ہے جس کی ہمیں ضرورت ہے ۔ ہم جو بھی point اٹھاتے ہیں ،جو بھی سوال کرتے ہیں ،جو بھی سوال دیتے ہیں ، آخر میں ان کا یہی نتیجہ ہوتا ہے کہ وہ مذاق میں ٹال مٹول کرکے اس کو اڑا کے رکھ دیتے ہیں۔ حالانکہ بلوچستان کے لوگ اتنے غریب ہیں۔ یہاں اسلام آباد کے کتوں کو اچھا treatment ملتا ہے ، اچھا میڈیکل ملتا ہے بلوچستان کے لوگوں کو وہ بھی نہیں ہے ۔ آپ یقین کریں یہ صحیح کہتے ہیں ، جس طریقے سے یہ چیخ رہے ہیں ۔ دوردراز سے لوگوں کو جب ہیلتھ سنٹر لے جایا جاتا ہے تو وہ راستے ہی میں مر جاتے ہیں ۔ کتنی ہی عورتیں اسی طرح مری ہیں ، کتنے ہی مرد اسی طرح مرے ہیں مگر یہ دکھ کی بات ہے کہ بلوچستان کا جو بھی serious point ہوتا ہے اس کے ساتھ یہی کچھ ہوتا ہے اور میں اپنے تمام لوگوں سے یہ request کروں گی کہ اس کو serious لیں۔ مذاق میں اسے نہ لیں۔ کچھ کام کرنا ہے تو کریں ، نہیں کرنا ہے تو صاف جواب دے دیں ۔ میں یہ درخواست کروں گی کہ آئندہ اس طرح نہیں ہونا چاہئیے۔

جناب چیئرمین! میرا خیال ہے کہ سب سن رہے ہیں ۔ ایسی بات نہیں ہونی چاہیے اور ایسی بات ہے بھی نہیں۔

Mr. Muhammad Nasir Khan: We will be very serious.

this is basically a provinicial ایسی کوئی بات ہے نہیں اور آپ نے دیکھا کہ پہلے

it is a provinicial matter ۔ بات کر رہی تھیں honourable Senator جو matter

for example بلوچستان میں ہیلتھ کا ہمارا جو فیڈرل پروگرام ہے یہ supplement کر رہے ہیں

provinicial matter وہ health care جو ہے hepatitis پر کام شروع کر رہے ہیں۔باقی سارا

The Chief Minister and the Provincial Health Minister are responsible ہے۔

we will engage اور یہ ان کی ذمہ داری ہے۔ہماری ذمہ داری تو اگر آپ مجھے کہیں گے تو

them but it is primarily 100% provincial matter. اب جیسے بھنڈر صاحب نے ڈاکٹرز

کی بات کی شیخ زید ہسپتال کی ' یہ ہسپتال پہلے گورنمنٹ میں آنا چاہ رہا تھا۔ صوبائی حکومت نے کہا

کہ ہم چلانا چاہتے ہیں we will fund اور آج چھ سال ہو گئے ہیں کہ نہ ان کی funding ہیں نہ ان

کا کوئی پروگرام ہے ۔ اب انہوں نے خود کہہ دیا ہے کہ آپ لیں ۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ وہ شیخ زید

ہسپتال کو خود لے لیں۔

Let it run as a provincial Government hospital. But primarily because they are not taking the financial, the administrative responsibility, that is why it is fallen on us and the Prime Minister has been very kind

نہیں اب لے لیں اور چلائیں اور چلا کر بعد میں if they are ready ہم دے دیں گے۔

it is not a question of Balochistan and there is noway who will take anything lightly for Balochistan. It is absolutely the same whether it is Punjab, Frontier or Balochistan.

Mr. Chairman: I think provinicial coordination would certainly assist on that. Kulsoom Perveen Sahiba.

112. ***Mrs. Kalsoom Parveen:** (Notice received on 20-01-2006 at 12.30 p.m.)

Will the Minister for Food, Agriculture and Livestock be pleased to state the projects/schemes completed/on going during the last three years and amount allocated to develop livestock in the Province of Balochistan during the said period?

Mr. Sikandar Hayat Khan Bosan:

a) Federal Projects (completed)

The following projects have been completed during the last three years:

Sr.No	Name of the project/Scheme	Cost of the project	Completion Date	Donor Agency	Share of Balochistan
1.	Livestock Action Plan	2.27,000 dollars	April. 2003	FAO	Not separately indicated.
4.	National Veterinary Laboratory, Islamabad.	153.832 million Rupees	June. 2004	GOP	N/A
2	Support for emergency prevention and control of main transboundary animal diseases in Pakistan (Rinderpest). Foot & Mouth Disease and Peste-des-petits ruminants)	1.8 million Euro	June. 2005	European Union However, Executed by FAO	Not separately indicated.

b) Federal Projects (ongoing)

Following are the ongoing projects/schemes:

Sr. No	Name of the project/Scheme	Cost of the project	Date of Inception of the project	Donor Agency	Duration of the Project	Share of Balochistan
1.	Strengthening Of Livestock Services Pakistan Project.	1992.63 million Euro	September, 2003	GOP/ European Union	6 Years	260.15 million Rupees
2.	Agriculture Sector Linkage Program	5060000 Dollars	28-11-2005	ACIAR Australia	4 Years	Not specified
3	Prime Minister's Special Initiative for Livestock	1696,4 million Rupees.	December, 2005	GOP however, executed by M/o Industries and Special Initiative through NRSP.	5 Years	405.857 million
5.	Establishment of Livestock & Dairy Development Board under Agri. Business Development & Diversification Project.	5-.28 million Rupees	June. 2005	Asian Dev. Bank	6 Years	Not separately indicated
6.	Assistance In Up-Scaling of Dairy Development In Pakistan.	3.53000 US Dollars	June, 2005	FAO	1 Year	Not separately indicated
7.	Milk Production/Processing and Dairy Production Development Program	2 billion Rupees	June. 2005	GOP	6 Years	250.57 million rupees
8.	Livestock Production and Development for Meat Production	2 billion Rupees	June, 2005	GOP	6 Years	23415 million rupees
9.	Controlling Transboundary Animal Diseases in Central Asian Countries. Regional Project to be Implemented in Pakistan. Afghanistan. Tajikistan. Uzbekistan. and Turkmenistan).	2842125 Dollars	August, 2004	FAO	3 Years	Province vise share has not been indicated.

10.	Diagnostic Laboratory and Surveillance Network Coordination for Control and Prevention of Avian Influenza (Regional Project to be implemented in SARRC Countries including Afghanistan.	400000 Dollars	August 2005	FAO	3 Years	Province vise share has not been indicated.
11.	Development of Rural Poultry in Balochistan	111.54 million Rs.	2005	ASPL-II under ADB (350 million dollars loan agreement)	5 Years	111.54 million Rs.
12.	Rehabilitation of small ruminants perished due to persistence drought in Balochistan (small ruminant micro farming in Balochistan)	138.6 million Rs.	2005	ASPL-II under ADB(350 million dollars loan agreement)	5 Years	138.6 million Rs.

a) Provincial Project (completed)

The following project (As informed Director General L&DD Balochistan)have been completed during the last three years by the government of Balochistan:

Sr. No.	Name of the Project/scheme	Estimated Cost
1.	Expansion of Animal Health Facilities in Balochistan.	30.200 millions Rs.
2.	Development of Mutton, Beef, Poultry and Eggs through Rural Poultry Feed lots and Fattening Centre.	8.693 millions Rs.
3.	Improvement of Quality of Skin and Hides for Export purpose.	12.290 million Rs.
4.	Expansion of Artificial Insemination Centre in Balochistan.	38.882 million Rs.
5.	Introduction of New Te[illegible]gies for Meeting Animals Feed Shortage.	9.100 million Rs.
6.	Construction of 5 new Veterinary Hospitals	22.550 million Rs.
7.	Creation of Veterinary Hospital at Chiligazai Ziarat Balamosh.	5.613 million Rs.
8.	Construction of Road from brewery Road to VRI colony Quetta.	1.433 million Rs.
9.	Construction of Bridge and Clearance of Anamber Channel at Multi Purpose Sheep Research Station Yetabad.	0.840 million Rs.
10.	Drilling and Development of One Tube Well in VRI. Quetta.	2.300 million Rs.
11.	Improvement in Animal Breeding Activities and Repair of Two liquid Nitrogen Plants.	15.888 million Rs.
12.	Construction of Boundary Walls at Livestock Complex	9.100 million Rs.

b) Provincial Projects (ongoing)

Following are the ongoing projects (As informed Director General L&DD Balochistan)funded by Government of Balochistan:

Sr. No.	Name of the Project/scheme	Cost of the project
1.	Improvement of Mutton Production through cross breeding of Indigenous Sheep with Karakul Breed.	21.517
2.	Control of Ecto and Endo Parasite in Mass Scale in Balochistan.	18.000
3.	Up gradation of Veterinary Hospital Chaman.	10.000

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر کلثوم پروین' جناب! میرا سوال livestock کے بارے میں تھا۔ بلوچستان میں گزشتہ سات آٹھ سال سے خشک سالی رہی جس سے پورا بلوچستان متاثر ہوا مگر خاص کر livestock بری طرح تباہ ہوا۔ میں نے جو سوال پوچھا تھا اس کا مجھے منسٹری سے مکمل جواب نہیں آیا۔ میں نے سوال پوچھا تھا کہ وفاق کی طرف سے بلوچستان میں کتنے منصوبے مکمل کیے گئے ہیں۔ یوروپین یونین کی طرف سے یا ورلڈبنک کی طرف سے ہمیں اس سلسلے میں پیسہ ملا تھا۔ یہاں انہوں نے جواب میں الگ ظاہر نہیں کیا۔ الگ کوئی ایسا پروجیکٹ ہے ہی نہیں جو یہاں پر ظاہر کیا گیاہو۔ انہوں نے وہ پراجیکٹ بتائے ہیں جو کہ صوبے نے خود مکمل کیے ہیں۔ صوبہ کی پہلے ہی مالی طور پر جو حالت ہے وہ سب کے سامنے ہے ۔ میرا مرکز سے یہ سوال تھا جو European Union کی طرف سے World Bank سے livestock کے لیے پیسہ بلوچستان کے لیے ملا وہ بلوچستان میں کتنا خرچ ہوا اور کتنے منصوبے مکمل ہوئے۔ مگر یہاں علیحدہ ظاہر نہیں کیے گئے۔ علیحدہ سے صوبے کا کوئی منصوبہ تھا ہی نہیں جو اس میں ظاہر کیا جاتا۔ جناب! اگر مجھے مکمل جواب وزیر صاحب دے دیں' وہ بیٹھے ہوئے ہیں کہ کوئی ایک پراجیکٹ صوبے میں جو کہ مرکز کی طرف سے ہو اور وہ مکمل ہوا ہو یا مکمل ہونے والا ہو ۔ مجھے مرکز کی طرف سے معلومات چاہیئں صوبے کی معلومات تو میرے پاس ہیں کیونکہ میں livestock کی ممبر بھی ہوں۔

جناب محمد علی ملکانی (وزیرمملکت برائے خوراک و زراعت)۔ یہ تو detail دینی پڑے گی اگر آپ دیکھیں تو یہ جتنے بھی livestock action plan ہیں' وہ لکھے ہوئے ہیں۔

سینیٹر کلثوم پروین۔ جو پروجیکٹس مرکز کی طرف سے complete ہوئے ہیں ' وہ بتائیں۔

جناب محمد علی ملکانی۔ FAO کا جو ہے وہ مرکز کی طرف سے ہے اور FAO والوں نے funding کی ہے۔

سینیٹر کلثوم پروین، جناب چیرمین ! یہ جواب complete نہیں ہے ' نہ کسی project کے مکمل ہونے کے متعلق بتایا گیا ہے ۔اس کی کوئی detail نہیں ہے کہ بلوچستان

میں مرکز کی طرف سے ایسا کون سا project مکمل ہوا ہے۔ وزیر اعظم صاحب نے پچاس کروڑ کا ایک پیکج بلوچستان کے لیے دیا تھا جو کہ آج تک نہیں ملا تو کون سا وہ Project تھا جو وفاق کی طرف سے complete ہوا ہے۔

Mr. Chairman: In the answer it is written that amount allocated to develop livestock in the Province of Balochistan during the said period. Project seems completed, ongoing

دونوں ہیں، میرا خیال ہے ہم اس سوال کو defer کر دیتے ہیں۔

Senator Muhammad Enver Baig: Mr. Chairman, I think the Minister is absolutely unaware and if the honourable Minister can come back on Monday with the answer because he has no clue what the honourable Senator.....

Mr. Chairman: Some new points have been raised. We will defer this question.

سینیٹر آغا پری گل، جناب والا! کتنے افسوس کی بات ہے کہ ایوان بالا میں اتنا غلط جواب دیا گیا۔ یہ بہت غلط بات ہے۔ آپ ایکشن نہیں لیتے، کم سے کم آپ تھوڑا سا تو ایکشن لیا کریں۔

جناب چیئرمین، اسی لیے defer کر رہے ہیں۔ Don't worry, action لیں گے۔ Monday کو Question Hour نہیں ہوتا مگر آپ جواب دینا چاہیں تو اس Monday کو پورا جواب دے دیں۔ جس طرح لکھا ہوا ہے completion, ongoing ساری چیزیں اور particularly related to Balochistan Monday کو as a special case آپ مکمل جواب دے دیں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، 15 Projects میں سے 8 کے متعلق انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان کے بارے میں معلومات available نہیں ہیں۔ یہ بڑی serious بات ہے اس

لیے کہ جب پروجیکٹ کا تعلق livestock سے ہے اور بلوچستان ایک خاص علاقہ ہے تو لازماً اس کا حصہ وہاں ہونا چاہیے اور کوئی پروجیکٹ بھی ایسا نہیں ہو سکتا کہ جس میں macro level پر کہاں کہاں خرچ ہونا ہے، موجود نہ ہو۔ اس لیے پوری تفصیلات پیش کی جائیں۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب والا! ایک بات یہ بھی ہے کہ جو drought کا علاقہ ہے آٹھ، دس سال سے drought نے وہاں کا livestock تباہ کر دیا ہے۔ اس کو وفاقی وزارت نے ترجیحی بنیادوں پر اٹھانا تھا کہ وہاں پر جو بہت بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے اس کے لیے خصوصی امداد دینی چاہیے اور پھر اس کی supervision ہونی چاہیے تھی۔ یہ تو افسوسناک صورتحال ہے کہ Livestock کی سب سے اہم پیداوار بلوچستان میں ہے لیکن طویل drought کی وجہ سے جو تباہی ہوئی ہے، اس کے ازالے کے لیے ایک خصوصی پروگرام ہونا چاہیے تھا اور وزیر صاحب کو اس سے آگاہ ہونا چاہیے تھا۔

Mr. Chairman: This question is deferred. Last question No 113. Mrs. Kulsoom Perveen.

113. ***Mrs. Kalsoom Perveen:** (Notice received on 20-01-2006 at 13.30 p.m.)

Will the Minister for Food, Agriculture and Livestock be pleased to state:

(a) the total production of sugarcane during the last 5 years with year-wise and province-wise break-up; and

(b) the steps taken or being taken by the government to increase the production of sugarcane?

Mr. Sikandar Hayat Khan Bosan: (a) The total production of sugarcane obtained during the last five years with year-wise and province-wise break-up was as below:

(000 Tons)

Year	Punjab	Sindh	NWFP	Bal.	Pak
2001-02	31803	11416	4787	35	48041
2002-03	33169	13798	5049	40	52056
2003-04	34023	14612	4745	40	53420
2004-05	33048	9357	4816	22	47243
2005-06	32000	8536	5350	NA	45886

(b) The government has taken several steps to increase sugarcane production and productivity in the country. Some of the key measures taken are:

(i) The present yield of sugarcane and recovery of sugar is extremely low. To address this shortcoming a concerted program is under preparation for strengthening facilities and capacity at national sugarcane research institutes. In this regard the Federal Government has established a *'Committee on Sugarcane'* comprising of all stakeholders and all regions. The intension is to have considered recommendations in the preparation of a comprehensive strategy and program for sugarcane research and development. The Committee advice/recommendations would also be obtained on a number of other sugarcane development issues such as evolving a mechanism for payments on the basis of sugarcane quality and recovery.

(ii) Efforts are also being made to develop new high yielding, high sucrose content and disease resistant varieties of sugarcane for distribution to sugarcane farmers. All the Provincial Government have been requested in this regard to earmark at least 15% of sugarcane cess funds for allocation to their respective Sugarcane Research & Development institutes.

(iii) Besides, the sugar mills have been asked to distribute press mud which is a by-product of sugarcane crushing free of cost to sugarcane farmers in direct proportion to the cane supplied by them to the mill. Press mud contains high quantity of soil enriching phosphorous and its application to sugarcane fields would have direct bearing on yields and production.

(iv) The Provincial Governments have been asked to review and amend their respective 'Sugar Factory Control Acts' to ensure equity for both sugarcane growers and sugar factory owners.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر خالد رانجھا، جناب والا! یہ بڑا اہم issue ہے اس کا تعلق آج کل جو چینی کا بحران ہے اس سے بھی ہے ۔ وزیر صاحب نے جو جواب دیا ہے اس سے محسوس ہو رہا ہے کہ gradually ہر سال گنے کی production کم ہوتی جا رہی ہے ۔ آپ دیکھئے کہ 2004 میں گنے کی production کیا تھی ' 2005 میں کیا ہے اور 2006 میں کیا ہوگی۔ یہی حال صوبہ پنجاب ' سندھ اور سرحد میں ہے تو ایک تو میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ گنے کی پیداوارکم ہو رہی ہے اور دوسری طرف وزیر صاحب کہتے ہیں کہ ہاں! ہم اس کو بڑھانے کے لیے بہت کام کر رہے ہیں' سمجھ نہیں آ رہی کہ یہ اس کو کیسے بڑھا رہے ہیں۔

دوسرا issue یہ ہے کہ کسان گنا کم کیوں لگا رہا ہے ؟ اس لیے کہ فیکٹری والے اس کو گنے کی قیمت نہیں دیتے ' ہمارے پاس ایک باقاعدہ قانون ہے جس کے تحت فیکٹری مالک پر لازم ہے کہ وہ تمام payment within 14 days کرے ۔ اگر نہ کرے تو it is a penal offence. میں یہ پوچھوں گا کہ انہوں نے کس حد تک اس mechanism کو implement کیا ہے کہ پہلے تو زمیندار گنا لے کر آتا ہے۔ وہ کھڑا کر دیتے ہیں اگر گنا چھ ٹن ہوتا ہے اور پھر جب چار ٹن رہ جاتا ہے تو پھر اس کو چھوڑتے ہیں' اس کے بعد جب وہ تولتے ہیں تو وہ تین ٹن ہوتا ہے اور جب اس کو قیمت دیتے ہیں تو وہ دو ٹن کی دیتے ہیں اور وہ بھی ایک سال کے بعد۔

There is a law which says that Cane Commissioner shall ensure that the payment is made within 14 days otherwise you will take the action. میں پوچھوں گا کہ کون سے ضلع میں کسی Cane Commissioner نے' کسی فیکٹری کے مالک کے خلاف اس قانون کے تابع آج تک کوئی کارروائی کی ہے۔یہ mechanism قانون میں تو ہے لیکن اگر اس پر عملدرآمد نہیں ہو رہا تو پھر کسان بیچارہ کیسے گنا اگائے گا۔ وہ گنے کو کھڑے کھڑے آج آگ لگا رہے ہیں' کاٹ کر مویشیوں کو ڈال رہے ہیں اور وزیر موصوف تو خود ایک زمیندار ہیں he knows the problem. میں پوچھوں گا کہ ہاؤس کو بتایا جائے کہ یہ جو بحران ہے کیوں ہوا ہے۔ اس لیے کہ the law is not being implemented.

Mr. Chairman: But is it with the provinces or the federal government?

Senator Dr. Khalid Ranjha: Sir, the issue is we have an Agricultural Minister in the Federation.

abolish this seat then. It is not a provincial subject اگر یہ نہیں ہے تو

because the sugar is a federal subject. Its import is the federal subject

we have a اس لیے کہ because the sugarcane is related with sugar itself.

Ministry here in Islamabad. This Ministry is over looking it. There is a

linkage between the federation and the provinces. It is a serious issue, sir.

can we میں صرف یہ پوچھ رہا ہوں کہ The issue which is the concern of all of us.

کہ پورے ملک میں' کسی صوبے میں اس قانون کے تابع کبھی کوئی have the information

کارروائی ہوئی ہے؟ ہوئی ہے تو کونسی ہے؟

جناب چیئرمین، جی Minister صاحب۔

جناب محمد علی ملکانی، جناب چیئرمین! یہ سوال جو پوچھا گیا ہے کہ پورے ملک میں کبھی ایسا action لیا گیا ہے یہ سوال سے related نہیں ہے۔ یہ تو نہیں پوچھا گیا اور نہ ہی میں اس قسم کی information لے کر آیا ہوں۔ جیسے آپ نے فرمایا کہ یہ provincial subject ہے کیوں کہ جو cane کی مشینیں ہوتی ہیں وہ provincial government کے اندر آتی ہیں۔ جہاں تک sugarcane کے کم لگانے کی بات ہے یہ ایک حقیقت ہے۔ وہ اس لیے کہ inputs مہنگی ہو گئی ہیں اور پچھلے دوسالوں میں زمینداروں کو اس کے rate صحیح نہیں ملے اس لیے زمینداروں نے sugarcane لگانا کم کر دیا ہے۔ Sugarcane زیادہ پانی والی فصل ہے اور پانی کی بھی پچھلے سال shortage رہی ہے' اس لیے زمیندار دوسری فصلوں پر shift ہوئے ہیں۔ اب Federal Government نے ایک Committee بنائی ہے جس میں ہم ایک mechanism پر غور کر رہے ہیں جیسا کہ باقی ملکوں میں ہے کہ sugarcane کی قیمت ہم چینی سے relate کر

رہے ہیں کہ جو گنا آ رہا ہے اس سے چینی کتنی نکل رہی ہے۔ پھر اس چینی کی مناسبت سے جو اچھی variety ہے، اس سے زیادہ چینی نکل رہی ہے تو اس کو زیادہ قیمت ملے گی اور جس گنے سے کم چینی نکلے گی تو اس کی کم قیمت ملے گی۔ اس حساب سے ہم سوچ رہے ہیں اور sugar mills والوں کے ساتھ ہماری meetings ہوئی ہیں۔ اگلے سال میں مجھے امید ہے کہ یہ system لاگو ہو جائے گا۔ جیسے کہ چینی کے rate کی بات ہے وہ یہ ضرور ہے کہ چینی کی قیمتیں بڑھی ہوئی ہیں لیکن یہ international demand and supply کا مسئلہ ہے۔ بین الاقوامی سطح پر بھی چینی کی قیمتیں بڑھی ہوئی ہیں۔ Federal Government ضرور اس کو دیکھتی ہے۔ چینی کی import پر ایک سال سے کوئی ban نہیں ہے اور بغیر duty کے چینی آ رہی ہے اور Government of Pakistan کی طرف سے اس پر کسی قسم کی کوئی duty نہیں ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانگرئی، جناب والا! ہماری خریف کی فصل بہت اچھی ہوئی ہے اور پانی کی کوئی shortage نہیں تھی۔ میرا خیال ہے ان کو briefing کوئی دوسرے نمبر کی دی گئی ہے۔

جناب چیئرمین، یہ فصل تو ابھی بھی کھڑی ہوئی ہے اس کو تو 18 مہینے لگتے ہیں۔

جناب محمد علی ملکانی، جناب چیئرمین! سائیں کو دوسرے نمبر کی briefing ملتی ہو تو ہو سکتا ہے لیکن یہاں پر کوئی دوسرے نمبر کی briefing نہیں ہے۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ پچھلے سالوں میں پانی کی کمی ہوئی تھی اس لیے یہ ریکارڈ کی بات ہے اور اس لیے لوگ دوسری فصلوں پر divert ہو گئے تھے۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب!! وزیر صاحب نے تسلیم کیا ہے کہ تشویشناک حد تک گنے کی پیداوار میں کمی آئی ہے اور وہ کہتے ہیں کہ ہم نے کمیٹی بنائی ہے اور پیداوار اور research میں ہم ایسے اقدامات اٹھائیں گے کہ اچھی variety آئے گی۔ جناب! اس میں بنیادی مسئلہ یہ نہیں ہے۔

میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا حکومت کا کوئی ایسا منصوبہ ہے کہ وہ زمیندار کو supporting price دیدے اور جیسا کہ رانجھا صاحب فرما رہے تھے کہ اس کی payment کی

guarantee دے۔ اب ہمارے غریب لوگ اس فصل سے بیزار ہو گئے ہیں۔ اس دن اسفندیار ولی نے کہا کہ ہمارے پشاور کے جو بڑے اہم علاقے ہیں چینی کی پیداوار کے وہ سب divert ہو گئے ہیں گڑ پیدا کرنے کے لیے۔ جناب! یہ بڑا اہم مسئلہ ہے۔ جب تک supporting price نہیں دیں گے اور جب ہم یہ بات کہیں گے تو آپ کا جواب یہ ہوگا کہ یہ صوبے کا مسئلہ ہے۔ یہ اگر صوبے کا مسئلہ ہے تو پھر اس وزارت کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اگر وزارت قائم ہے تو اس کو اپنی کارکردگی دکھانی ہے اور گنے کی پیداوار کے لیے جب تک آپ supporting price نہیں دیں گے اس کی payment کی guarantee نہیں دیں گے اس وقت تک پیداوار نہیں بڑھے گی اور جب نہیں بڑھے گی تو یہ بحران ہوگا اور یہ بحران بڑا سنگین ہے۔ اس وقت ملک میں خطرناک صورتحال ہے جناب! چینی کے حوالے سے اور یہ بات شرمناک ہے کہ ہمیں انڈیا سے چینی منگوانی پڑ رہی ہے۔ انڈیا جیسے ملک کی آبادی ایک ارب سے زیادہ ہے اور وہ اپنی ضروریات کو پورا کر سکتا ہے تو ہم کیوں نہیں کر سکتے۔ ہم بھی کر سکتے ہیں' یہ ملک چینی کی پیداوار کے لیے بہترین ملک ہے' ہمیں تو export کرنی چاہیے۔ جب ہم اپنی صلاحیت بڑھائیں گے اور یہ بڑھے گی اس وقت جب ہم incentive دیں گے زمیندار کو' farmers کو' growers کو۔ اگر ہم یہ نہیں کرتے' ان کو ہم guarantee نہیں دیتے تو کوئی مسئلہ بھی حل نہیں ہوگا۔ ہمیں آپ کی ان تسلیوں سے کوئی تشفی نہیں ملے گی۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین، جیسا کہ انہوں نے پہلے کہا تھا کہ جو provinces کے issues ہیں' ان کے مسئلے اگر آپ لیں گے تو پھر autonomy کا issue raise ہوتا ہے لیکن coordination ضرور ہونی چاہیے اور جو آپ fix price کی بات کر رہے ہیں' اس کے لیے resources apply کرنے چاہئیں۔ ایک طریقہ جو انہوں نے بتایا کہ جو sucrose content ہے گنے کا' اس حساب سے اس کو premium مل جائے' جو میں سمجھا ہوں' باقی آپ اور کچھ بتانا چاہیں تو بتائیں۔

جناب محمد علی ملکانی، جی جناب! یہی بات ہے اور جیسے اب پنجاب میں چینی کا جو officially rate ہے وہ 41 ہے اور سندھ میں حکومت نے جو rate رکھا ہوا ہے وہ Rs.60/- رکھا

ہوا ہے۔ ابھی اگر چینی کی قیمتیں بڑھی ہوئی ہیں تو اس کے ساتھ گنے کی بھی قیمتیں بڑھی ہیں۔ انشاء اللہ اس سال گنا زیادہ لگ رہا ہے اور ہمیں امید ہے کہ اگلے سال یہ problem نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین، پروفیسر خورشید صاحب۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، میرے دو سوال ہیں۔ پہلا یہ کہ جو سب سے اہم مسئلہ ہے اس میں وہ دراصل sugarcane کی support price کا ہے اور اس معاملے میں میرے علم کی حد تک مرکز ہمیشہ ایک leading کردار ادا کرتا رہا ہے خواہ یہ provincial subject ہو لیکن چونکہ تین صوبوں میں ان کی کاشت ہوتی ہے تو provincial coordination اور harmonisation کے لئے ضروری ہوتا ہے۔ سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ اس کے بارے کیا کیا جا رہا ہے۔ دوسرا میرا سوال یہ ہے کہ یہ committee of Sugarcane کب بنی ہے؟ اب تک اس کی کتنی میٹنگ ہوئی ہیں اور اس کی کیا recommendations ہیں۔

جناب محمد علی مالکانی ، 16 دسمبر کو بنی ہے اور اس کی ابھی تک ایک میٹنگ ہوئی ہے اور experts کو بٹھایا ہوا ہے کہ اس کا ریٹ کس حساب سے ہوگا۔ جیسے پروفیسر صاحب نے کہا کہ فیڈرل گورنمنٹ چینی کو دیکھتی ہے تو یہ حقیقت ہے لیکن sugarcane کی قیمتیں صوبے اپنے حساب سے مقرر کرتے ہیں۔ گنے کی قیمت مرکزی حکومت مقرر نہیں کرتی۔

جناب چیئرمین ، ڈاکٹر اکبر خواجہ ۔ خالد رانجھا صاحب نے already identify کیا ہے کہ

the production of sugarcane is declining, infact if you see question 113 the table that is given on page 7 in 2001 which is a year of drought. Our total production was 48041 tons. Now even after 5 years.

Mr. Chairman : No, but in 2001 if there was drought, this is the previous crop.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ ، جناب چیئرمین! میں جو point raise کرنا چاہتا ہوں۔

کہ معزز وزیر نے بتایا ہے کہ sugarcane کے لئے پانی زیادہ چاہیے۔ میں جس چیز کو focus کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ مان لیں کہ یہ total failure ہے کہ agricultural production sugarcane کی ہو یا دوسرے areas کی ہو گورنمنٹ کے پاس strategy نہیں ہے۔ جواب کیا دے رہے ہیں کہ sugar production کو بڑھانے کے لئے کے لئے ہم نے کمیٹی بنا دی ہے۔ Federal issue کا ہو یا provincial ہو' وزیر جوابدہ ہے اگر ان کے پاس جواب نہیں ہے تو وہ صوبوں سے جواب لے کر آئے اور اس ہاؤس کو satisfy کرے I think ان کا response بالکل satisfactoryنہیں ہے وہ ہمیں بتا دیں کہ کیا وجہ ہے۔ آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ پانی زیادہ چاہیے تھا اس لئے production کم ہوگئی۔ یہ تو کوئی جواب نہ ہوا۔

جناب چیئرمین، I think تین چیزیں انہوں نے بتائی ہیں ایک چیز نہیں ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ ۔ آپ کے جو earlier drought years ہیں ان کی production زیادہ ہے - even if you see the last years 2004-05 and current 2005 سے تو آپ کی production بہت زیادہ کم ہو رہی ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ آپ نے کیا کمال کیا ہے Food Ministry نے یا Agricultural Ministryنے کہ اس کو بڑھانے میں آپ لوگوں کی کیا contributionہے۔

جناب محمد علی ملکانی ۔ جناب چیئرمین! میں نے ابھی گزارش کی ہے کہ ابھی ہم نے کمیٹی بنائی ہے اور ہم فیصلہ کر رہے ہیں کہ فصل لگانے سے پہلے لوگوں کو پتا ہو کہ اس کی قیمت ہمیں کیا ملے گی' کس حساب سے ملے گی۔ یہ open market ہے لوگوں کو جس فصل میں زیادہ فائدہ ہوتا ہے وہی لوگ فصل لگاتے ہیں۔ پچھلے سال ہمارے پاس زیادہ کاٹن تھی تو گورنمنٹ نے T.C. کے ذریعے خریدی تھی۔ اس سال جو officially rateہے اس سے تقریباً دو تین سو روپے زیادہ پر کاٹن بک رہی ہے۔

جناب چیئرمین، جی بیگ صاحب۔

سینیٹر محمد انور بیگ ۔ جناب چیئرمین! یہ تو باتیں ہم کرتے رہیں گے کہ پچھلے سال کیا ہوا' اس سال کیا ہوا یا اگلے سال کیا ہوگا۔ جناب چیئرمین! بات آج کی ہے کہ آج چینی کی

قیمت 42 روپے فی کلو بک رہی ہے۔ Sir, what has this Government done in the last

لوگ one year when the prices were being raised from 20 to 42 rupees.

کہاں بیٹھے ہوئے تھے ۔ پرسوں جناب سلمان شاہ one of the Advisors to the

کیوں نہیں ۔ کہ ہم کوئی subsidy نہیں دیں گے Government, he made a statement

دیں گے غریب آدمی کہاں سے 42 روپے کلو خریدے گا۔ They have money to import

aircraft for the Prime Minister and the President. They have money to

import bullet proof cars for the rich in the Cabinet. They do not have the

جناب یہ لوگ کس دنیا میں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ Sir they are mony to give to the poor

آج قیمت 42 روپے ہے ۔ پرسوں ان کی responsible to the people of Pakistan

وزیراعظم سے میٹنگ ہوئی ہے I would like the Minister to tell this House what

جتنے was transpired from that meeting and what decision they have taken.

They are all members of the Federal Cabinet. ہیں mill owners

جناب چیئرمین، ایک وقت میں ایک سپلیمنٹری رکھیں۔

Senator Muhammad Enver Baig: He can answer all these questions together. He should note it down.

جناب سارے وزیر Most of the Ministers are owning 70% of the sugar mills

جناب یہ ... جو یہاں پر بیٹھی ہوئی ہے ۔ Are they just to harass opposition

کا کام ہے کہ جا کر ان کے گوداموں میں raid کریں اور چیک کریں کہ ان کے adership

گوداموں میں ... stock پڑا ہوا ہے۔ جناب I am telling you اگر نیب نے raid نہیں کیا تو

پاکستان کی عوام جا کر raid کرے گی۔ بہت ہو چکا ان کا مذاق۔ I want to know from the

کہ honourable Minister

what has the Government done to take immediate steps to put a curb on this and they should give subsidy to the people of Pakistan.

جناب چیئرمین، جی وزیر صاحب۔

جناب محمد علی ملکانی، جناب چیئرمین! محترم سینیٹر صاحب کا پہلا سوال ہے کہ شوگر مل مالک وزیر نہیں بن سکتا، اگر ایسی کوئی amendment لا دیں تو بہتر ہوگا اور پچھلے دور میں بھی ایسے وزیر اور اہم عہدیدار رہے ہیں جن کی شوگر انڈسٹری ہے۔ میرے خیال میں بزنس کرنا کوئی جرم تو نہیں ہے لیکن حکومت کافی subsidy دے رہی ہے۔ کھاد پر گورنمنٹ نے subsidy دی ہے۔ fuel پر گورنمنٹ subsidy دے رہی ہے۔ یہ بڑی subsidy involve ہے لیکن آج ECC کی میٹنگ ہو رہی ہے اور مجھے امید ہے کہ وہاں پر کوئی نہ کوئی فیصلہ ضرور ہوگا۔

جناب چیئرمین، جی چٹھہ صاحب۔

سینیٹر نعیم حسین چٹھہ، جناب چیئرمین! آج کل یہ بہت اہم issue ہے کہ 42 پہلے فی کلو اس کی قیمت ہوگئی ہے۔ officially sugarcane کی قیمت بھی 42 روپے ہی زمیندار کو دیا کرتے تھے۔ میرا خیال ہے کہ انہوں نے جو کہا ہے کہ اضافے کے لئے ہم یہ تجاویز، یہ پلان کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ The honourable Minister will bear me out کہ یہ ہمارا زرعی ملک ہے اور اللہ کا بہت اچھا تحفہ ہے۔ یہ ہمارے لئے بڑی افسوسناک اور شرمناک بات ہے کہ ہم sugarcane اتنا زیادہ اگا سکتے ہیں اور پھر آج سے دو تین سال پہلے ہم sugar export کیا کرتے تھے جو کہ آج اتنی ہے کہ ناپید ہوتی جا رہی ہے اور لوگوں میں بھی مشکل ہوتی جا رہی ہے۔ جس ملک کو بڑا favourite سمجھا جا رہا ہے اور اس سے بڑی محبت کی پینگیں بڑھائی جا رہی ہیں، کل پرسوں انہوں نے کہا کہ ہم اتنے ملین ٹن وہاں سے import کر رہے ہیں تو آج میڈیا نے یہ quote کیا ہے کہ وہاں انہوں نے انڈیا میں چینی کی قیمت مہنگی کر دی ہے just to say they are exporting it to Pakistan ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس صورتحال تک پہنچنے سے پہلے یہی منسٹری اور یہی منسٹر eye witness ہیں کہ دو تین سال پہلے سے sugarcane growers نے گنے کی کاشت کو کیوں چھوڑا ہے تو اس کی وجوہات یہ تھیں کہ یہ منسٹری اور یہ منسٹر eyewitness کے طور پر دیکھ رہے تھے کہ growers کا حال کیا ہو رہا ہے، کتنی تذلیل ہو رہی ہے اور کیوں ان کو قیمت نہیں دی جا رہی اور کیوں ان کا کم تول لیا جا رہا ہے۔ یہ سارا کچھ ان

کے سامنے تھا۔

یہ ان کا ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے کہ اس چینی کا crisis پیدا کیا گیا۔ پتا نہیں اس کی وجوہات کیا ہیں۔ یہ یقیناً المیہ ہے اور 42 روپے کلو چینی بہت بڑا المیہ ہے۔ آج بھی یہ guarantee کریں کہ زمیندار اور growers کی تذلیل نہیں ہونے دیں گے اور انہیں بروقت صحیح اور مناسب قیمت دلوائیں گے۔ یہی mill owner 42/-rupee پر لیتے رہتے ہیں جب زیادہ ہوتی ہے جب آخر میں گنا تھوڑا ہو جاتا ہے تو مل والے وہی گنا' اسی اور نوے روپے من پر خریدتے ہیں۔ تو اگر اس وقت یہ وارا کھاتا ہے تو یہ راستے میں کیوں غریب grower سے زیادتی کرتے ہیں اور اس سے -/42 پر لے کرتین ' تین دن اسے انتظار میں رکھتے ہیں' اس کے ٹرک ' ٹرالی کو خالی نہیں کرتے ہیں۔ وہ اپنی رضائیاں لے جا کر ان ٹرالیوں کے نیچے تین ' تین دن سوتے ہیں ' ان کی تذلیل ہوتی ہے کہ وہاں سے وہ وصول نہیں کرتے۔ گنا سوکھ جاتا ہے اور اس کو کم تولتے ہیں۔ یقیناً میں آج بھی چیلنج کرتا ہوں کہ منسٹر صاحب یہ بتائیں کہ آج بھی grower کو پچھلے سال کے گنے کی قیمت millowners نے نہیں دی۔ حکومت نے اس کا کیا سدباب کیا ہے اورکیا اس کے لئے تجویز کیا ہے؟ ان حالات کے تحت یہ قحط سالی پیدا ہوسکتی ہے۔ اگر اس طرح کی یہ تجویز کریں اور اس کی care کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ پاکستان self sufficient ہونے کے ساتھ ساتھ exporter کیوں نہیں ہو سکتا۔ میں سمجھتا ہوں اس لحاظ سے انہیں یہ تجویزیں جو میں نے عرض کی ہیں اس کی قیمت بڑھائیں اور اس کی procurement کریں ' بہتر چیزیں پیدا کریں تو ان تجویزوں پر انہوں نے کوئی لائحہ عمل یا حکمت عملی وضع کی ہے یا نہیں؟

جناب چیئرمین، وزیر صاحب نے جواب میں بھی کہا ہے کہ آج ECC بھی مل رہی ہے اور کہا ہے کہ coordination کی زیادہ ضرورت ہے۔ کہیں provincial subjects ہیں کہیں federal subject ہے۔ یہ payment میں deregulation کا limit ہے۔ ECC میں یہ ساری چیزیں consider ہوں گی۔ جی ملکانی صاحب۔

جناب محمد علی ملکانی، جناب چیئرمین! جیسے معزز ممبر نے کہا ہے یہ صرف پاکستان

میں مسئلہ نہیں ہے بلکہ پوری دنیا میں ہے ۔ پوری دنیا میں چینی کی قیمتیں بڑھی ہوئی ہیں صرف پاکستان میں نہیں۔ اگر صرف پاکستان میں ہوتا تو پھر یہ ضرور کہتے کہ پینسٹری کا قصور ہے ۔ پوری دنیا میں چینی کی قیمتیں بڑھی ہوئی ہیں۔ اس سال بھی چینی کی قیمتیں بڑھی ہوئی ہیں تو اسی سے نوے روپے کے قریب گنے کی قیمت ہے اور زمیندار کو وہ پیسے مل رہے ہیں۔

جہاں تک یہ payment کی بات کر رہے ہیں کہ شوگر مل والے پیسے نہیں دے رہے ہیں۔میرے نوٹس میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے اگر کوئی ہے تو معزز ممبر صاحب بتائیں ہم ضرور payment کرانے میں مدد کریں گے ۔

جناب چیئرمین، چٹھہ صاحب! اگر کوئی تفصیلات ہیں تو انہیں دے دیں ۔ جی آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! پچھلے کئی سال سے کاشتکار چیخ چلا رہا ہے۔ عوام اور اخبارات کے اندر یہ آیا ہے ۔ اگر وزیر صاحب کو اس کا علم نہیں ہے تو اچھی بات نہیں ہے ۔ بات یہ ہے کہ کاشتکاروں کو گنے کی قیمت نہیں مل رہی ۔ تبھی یہ اتنا بڑا disaster ہو رہا ہے ۔ جو کاشت 1999ء میں تھی آج اس سے کمی کی طرف جا رہی ہے ۔ آدھی کے قریب جا رہی ہے اور یہ وزیر صاحب کو پتا ہی نہیں ہے کہ اس کی problem کیا ہے ۔ گنا کاشت نہیں ہو رہا، صرف اسلئے نہیں ہو رہا کہ ان کو پیسے بروقت نہیں ملتے ، کم تول ملتا ہے ، ان کا وزن پورا نہیں ملتا۔ problem کا اگر وزیر صاحب کو نہیں پتا بجائے یہ کہ اس کا کوئی حل کرتے یہ کہتے ہیں ہم ہیں ہی اس معاملے میں لاعلم ، اتنا بڑا issue کھڑا ہوا ہے ۔ چینی کے crises آنے ہوتے ہیں اور ان کو اصل issue کا ہی نہیں پتا ۔ میرے خیال میں یہ جواب دیں کہ میں آج prepared نہیں ہوں ۔ آئندہ مجھے موقع دیا جائے میں prepare ہوکر اس کا جواب دوں گا ۔ یہ جواب ہے ورنہ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ یہ کہیں کہ علم ہی نہیں ہے۔ اس کو defer کروا دیں۔

جناب چیئرمین، جو delayed payment ہے وہ Provices handle کرتے ہیں ، یہ مقصد ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا، لیکن ان کو علم تو ہونا چاہیے کہ problem کیا ہے، یہ کہتے

ہیں مجھے پتا ہی نہیں ہے۔اخبارات، media اگر مجھے time دے دے تو میں ابھی لائبریری میں لے چلتا ہوں، پچھلے 6 سالوں میں سارا media اس پر شور کرتا رہا ہے۔میں بتا دیتا ہوں کیا ہوا تھا۔ پچھلے دور میں جو معاملات ہوئے تھے وہ وجہ بنے تھے، آج اس کو کم کرنے کی بجائے انہوں نے اس کام کی حوصلہ شکنی نہیں کی اس لئے یہ معاملہ crisis کی صورت اختیار کر گیا ہے۔

جناب محمد علی ملکانی، پچھلا دور، پتا نہیں کونسے دور کی بات ہو رہی ہے، مجھے یہ پتا نہیں ہے، پچھلے تو کافی ادوار گزر چکے ہیں۔مشرف صاحب تو اللہ کی مہربانی سے ابھی بھی ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب آرام سے بیٹھیں، جو اصل بات ہے، وہ ہے، سب کو پتا ہے۔

جناب چیئرمین، جی عباسی صاحب آپ کا point of order ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! میں عرض کرتا ہوں، میں ملکانی صاحب کی بے انتہا عزت کرتا ہوں لیکن جناب میری نظر میں جو اس وقت problem ہے وہ میں احترام کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ اس وقت کا problem ہمہ جہتی ہے۔ وہ شاید competent وزیر ہیں لیکن شاید وہ اس وقت اس کو صحیح طرح address نہیں کر پائیں گے۔ میں نے محرم کی چھٹیوں سے پہلے بھی عرض کیا تھا اور اس سے اگلے دن کے سارے اخبار میرے ہاتھ میں ہیں جو 8 فروری کے اخبار ہیں، یہ اس بات کے گواہ ہیں کہ یہاں پر بے تحاشا کہا گیا کہ ایک meetingہو رہی ہے اور اس پہ کوئی نہ کوئی result آئے گا۔ اس meeting کا جو result آیا ہے وہ سارے اخباروں میں چھپا ہوا ہے۔ Leader of the House وسیم صاحب اور مشاہد صاحب نے کھڑے ہو کر کہا تھا اور ہم نے demand کی تھی کہ Prime Minister صاحب آئیں کیونکہ جناب یہ ایک ہمہ جہتی مسئلہ ہے اس میں صرف Ministry of Food involve نہیں ہے، اس میں Ministry of Commerce involve ہے، اس میں Ministry of Finance involve ہے، اس میں PML قیادت کے top leaders involve ہیں۔ ہم نے یہاں کھڑے ہو کر بانگ دہل کہا تھا کہ ہم یہ سمجھتے ہیں اور میں یہ پھر کہتا ہوں کہ وسیم صاحب آئیں اور ہمیں بتائیں کہ انہوں نے Prime Minister صاحب سے بات کی، Is the Pirme Minister willing to

اس come and answer to present sugar prices prevailing in the country? لئے

میں سمجھتا ہوں اور میں ملکانی صاحب کی بہت عزت کرتا ہوں کہ یہ ان کے بس کی بات نہیں ہے
اور منسٹری کے بس کی بھی بات نہیں ہے۔ آپ بالکل درست کہہ رہے ہیں کہ بنیادی بات یہ
ہے کہ آج آپ کے سندھ اور پورے پاکستان میں گزشتہ دو سالوں میں جو sugarcane
production 53000 تھی وہ 5.3 million ton سے کم ہو کر 4.5 milllion ton پر آ گئی
ہے۔ جب 200 dollar پر چینی مل رہی تھی تو اس وقت Commerce Ministry نے کیوں
نہیں خریدی، آج آپ 500 dollar کی چینی import کر رہے ہیں۔ Finace Ministry کی
delibrated policy یہ ہے کہ چینی کو international prices پر لے کر جاؤ۔ جناب! پھر
آپ international wages بھی زیادہ کریں، آپ ہر آدمی کو 3000 dollar تنخواہ بھی دیں۔
وسیم صاحب تشریف لے آئے ہیں، میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ Is the Prime Minister
coming to address this House on sugarcane prices which is
unprecedented in the history of Pakistan? کبھی اس قسم کی prices نہیں بڑھیں،
انہوں نے =/17 روپے سے =/42 روپے پر چینی پہنچا دی ہے اور یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ ہماری
good governance ہے۔

جناب چیئرمین، ان کا جواب سن لیں۔ جی وسیم صاحب۔

Senator Wasim Sajjad (Leader of the House): Sir, as I stated in the House, the other day, I conveyed the sentiments of the House to the Prime Minister and he said that it is always a pleasure and honour for him to come to the House but because of the meeting that has already been arranged, he would not be able to come today but sometimes during the next week, he would come before the House and will feel pleasure to attend the House.

جناب چیئرمین، جی پروفیسر صاحب۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جناب والا! اوّل تو میری نگاہ میں یہاں ان کا آنا دوسری meetings کے مقابلے میں زیادہ اہمیت کا حامل ہے لیکن بہرحال ان سے definite معلوم کرکے بتائیں کہ وہ کب آئیں گے' Monday کو آئیں گے Tuesday کو آئیں گے؟

Senator Wasim Sajjad: Sir, as soon as his programme is confirmed, I will inform the House.

جناب چیئرمین، جی مشاہد صاحب۔

Senator Mushahid Hussain Sayed: I want to reconfirm what Mr. Wasim Sajjad has said, we talked to the Prime Minister both of us together as we committed to the upper House and the Prime Minister certainly will come.

ویسے بھی پارلیمنٹ میں آنا اور رپورٹ کرنا ان کی ڈیوٹی ہے۔ and *Inshallah* he will do it next week.

جناب چیئرمین، I think یہ چیزیں جو discuss ہو رہی ہیں he will come in and give update.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب میری عرض سنیں' میں سمجھتا ہوں کہ یہ بالکل fake جواب ہے' یہ تو ٹالنے والی بات ہے۔

جناب چیئرمین، وہ کہہ رہے ہیں کہ آئیں گے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، نہیں جناب یہ تو بات کو ٹالنے والا مسئلہ ہے' ہم یہ سمجھتے ہیں یہ situation demand کرتی ہے۔ہم یہ نہیں کہتے کہ یہ آج نہیں آئے تو کل آئیں گے لیکن یہ totally vague جواب ہے کہ اگلے ہفتے--- پھر سولہ تاریخ گزر جائے گی' آپ House کو prorogue کرکے چلے جائیں گے اور ہم انتظار میں بیٹھے رہیں گے۔

Senator Wasim Sajjad: I will inform the House as soon as his programme confirms because already the meetings are arranged and as

soon as his programme confirms, I will inform the House.

Mr. Chairman: He will come because I...

Senator Dr. Safdar Ali Abbasi: Sir, Wasim sahib is saying, he will come, will he come in this Session?

Senator Wasim Sajjad: Yes.

جناب چیئرمین، رزینہ عالم صاحبہ۔

سینیٹر رزینہ عالم خان، یہ کہنا کہ دوسرے ملکوں میں قیمتیں بڑھ رہی ہیں، دوسروں ملکوں میں جو تنخواہیں ہیں، ان کو بھی مدنظر رکھنا ہمارے لئے ضروری ہے، ہمیں اس قسم کی statement نہیں دینی چاہیے۔ ہمیں اپنے ملک کے حالات کو مدنظر رکھنا چاہئیے اور یہاں پر ہمارا غریب طبقہ ہے، ان کی مشکلات کو سامنے رکھنا چاہیے۔ میری یہ ایک چھوٹی سی observation تھی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، ڈاکٹر نگہت آغا۔

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا، شکریہ جناب چیئرمین۔ میں یہاں پر request کرنا چاہ رہی ہوں کہ Minister for Commerce کو refer کیا جائے۔ میں reason بتاؤں کہ نہ صرف growers کو یہ پیسے نہیں دے رہے بلکہ اس کی demand بھی کم ہو گئی ہے یعنی production زیادہ ہے، demand کم ہو گئی تھی۔ Reason یہ ہے، میں factory owners کی طرف سے بول رہی ہوں کیونکہ بلیسز اور ethinol کی export بند ہو رہی ہے۔ جب آپ ان چیزوں کی export جو by-products ہیں، ان کی قیمت total بنتی ہے---

جناب چیئرمین، Value addition ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا، پھر اس حساب سے قیمت بنتی ہے تو مہربانی فرما کر Commerce Minister آ کر explain کریں because it is very serious کہ وہ پیسے بھی نہیں دے رہے اور production زیادہ تھی کیونکہ export کی اجازت نہیں ہے۔ اس پر WTO کے بعد انہوں نے کیا کیا ہے؟ یہ بڑی serious problem ہے۔ Thank you very

much.

جناب چیئرمین، ثناء اللہ بلوچ! brief رکھیئے کیونکہ time ختم ہو رہا ہے۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، شکریہ جناب چیئرمین۔ ملکانی صاحب ہمارے بھائی ہیں' ہماری طرح کوئی غریب سندھی ہیں' جناب! بادشاہوں کے کھیل میں پھنس گئے ہیں۔

Mr. Chairman: To the point.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، میں اپنے دوست ملکانی صاحب کی خدمت میں صرف اتنا عرض کروں کہ 5th schedule میں جو Federal Minister کے لئے oath دیا گیا ہے' اس میں کہا گیا ہے' کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ ایک Federal Minister sugar کارخانہ دار ہیں یا چوہدری صاحبان ہیں' اس میں لکھا ہوا ہے،

"I will not allow my personal interest to influence my official conduct or my official decisions:

That I will preserve, protect and defend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan."

جناب! اس oath میں clear cut دیا گیا ہے کہ آپ کے personal decisions, آپ کا personal conduct آپ کے مفادات کو serve نہیں کرے گا۔ جناب! جس طرح صدر صاحب نے کہا کہ پاکستان کی تمام موجودہ خامیوں اور خرابیوں کی بنیاد سرداروں کو کہا جاتا ہے اور ان کے خلاف بہت بڑا military operation launch کیا۔ آیا چوہدری صاحبان وفاقی وزراء صاحبان جو شوگر مز کے مالکان ہیں' جو غریب پاکستان کے غریب عوام کو economically exploit کر رہے ہیں' ان کی economical exploitation کو کس طرح protect کریں گے' کس طرح روکیں گے۔ انور بیگ صاحب نے کہا کہ NAB کا ادارہ ہے' وہ کوئی اقدامات نہیں اٹھا رہے۔

جناب چیئرمین، اچھا! آپ تشریف رکھیں' ہر دور میں اس قسم کے industrialists رہے ہیں'... I think, this is up to the individual.

(مداخلت)

جناب چیئرمین، کہہ رہے ہیں کہ وہ آ کر بتائیں گے' وہ statement دیں گے۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، پڑھے لکھے جاگیرداروں کی وجہ سے ہوا ہے---

جناب چیئرمین، میں کیا کر رہا ہوں۔ I am giving you facts.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، Minister صاحب یہ بتائیں کہ آیا وہ Constitution میں جو oath ہے۔

جناب چیئرمین، اچھا' بیٹھیں' تشریف رکھیں' یہ supplementary, related نہیں ہے۔ اس لئے اس کو رہنے دیں and it is understood.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، جناب! وہ جواب دے رہے ہیں اور آپ کہہ رہے ہیں جواب نہ دیں۔

جناب چیئرمین، چلیں دے دیں' if he wants to answer but it is related to different issue

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، صرف یہ بتا دیں کہ شوگر کے کتنے کارخانے ہیں اور ان کے مالکان کون ہیں۔

جناب چیئرمین، ان کو سن لیں۔

جناب محمد علی ملکانی، جناب! میں نے یہ عرض کیا تھا کہ کہیں پہ کوئی یہ قانون نہیں ہے کہ اگر کوئی مل کا مالک ہے' وہ Minister یا Senator یا MNA نہیں بن سکتا لیکن وہ اپنے کاروبار کی وجہ سے اس کو defend نہیں کر رہا' نہ اس کی یہ وجہ ہے لیکن وہ کاروبار کوئی بھی بندہ کر سکتا ہے۔ Sugar Mills مالکان Prime Ministers بھی رہے ہیں' Chief Ministers بھی رہے ہیں' وہ بھی پھر نہ بنیں۔

جناب چیئرمین، تشریف رکھیے۔ جناب آصف جتوئی۔

Senator Asif Ali Jatoi: Thank you Mr. Chairman! I had just

agreed with my colleague here that the government should do more against the Sugar Mills because what happened is that the Sugarcane is ready in the month of November, and what happens is, even this year the sugar mills started, infact, late. They did not start in November but they started near the end of December which also pressurizes and blackmails the growers to give their cane at lower rate. So, if something could be done about this, is that the Sugar Mills should be forced to start in early November and which they are supposed to do.Thank you.

114. ***Mrs. Tanveer Khalid :** (Notice received on 25--01-2006 at 5.05 p.m.)

Will the Minister for Industries, Production and Special Initiatives be pleased to state:

(a) the facilities and privileges being given by the Government to the industrialists at the time they plan and step up the industry; and

(b) normal time consumed in getting approval of the plan presented?

Mr. Jehangir Khan Tareen: The requisite information is being collected from concerned agencies and the reply will be given on next Rota Day.

115. ***Mrs. Tanveer Khalid:** (Notice received on 25-01-2006 at 5.05 p.m.)

Will the Minister for Science and Technology be pleased to state:

(a) the steps taken/being taken by the Government for attracting the youth towards study of Science and Technology; and

(b) the incentives to be awarded to scholars in Scientific Research and developing various technologies?

Ch. Nouraiz Shakoor Khan: (a) The Government has taken/being taken a number of steps for attracting the Youth towards study of Science & Technology which *inter-alia* include the following;

- The Ministry of Science and Technology established Pakistan Science Foundation (PSF) for promotion of Science & Technology Education in the Country with a mandate to popularize Science at grass root level and attract Pakistani youth towards the study of S&T. The Foundation has since been engaged in various Science popularization activities at the National level with the aim of increasing awareness of Science Education in the society. Some of the programs being undertaken are: /

(i) Pakistan Science Foundation is running 09 Science Caravans in the country based at Islamabad, Peshawar, Faisalabad, Sukkur and Quetta for setting up exhibitions. So far, the Science Caravans have held 5989 days of exhibitions in the schools, wherein about 1.350 million students of 4435 schools have visited.

(ii) Four National S&T Fairs have been organized by PSF in Islamabad, where not only the students but the general public were exposed and made aware about the S&T development in the country.

(iii) Television/Radio programmes are regularly being organized by the PSF on various topical issues, through which the youth can benefit for selection of a S&T disciplines for their study. Currently the PSF Team is showing Science films and planetarium show at Ayub Park Rawalpindi.

(iv) Quiz contests are organized every year for Secondary schools students through the 22 Boards of Education in the country. The winner are given cash prizes and certificates.

(v) Graduates Students are encouraged to study S&T through research. So far, 99 Ph.D. and 132 M. Phil have been produced through Pakistan Science Foundation research projects.

(b) (i) The Government has taken a number of steps to provide incentives to scholars in Scientific Research and developing various techniques.

(i) The PSDP/budgetary allocations of the Ministry of Science & Technology, which in the preceding year upto 2000 were around Rs. 130 million, have been enhanced upto Rs. 3.1 billion in 2005-2006.

(ii) Under the Human Resource Development Scheme 05 projects for Ph.Ds/Post-doctoral studies for 750 scholars in the field of Science & Technology at a total cost of Rs. 2127.63 million were initiated. Two projects for training of Scientists & Technologists Technicians at a total cost of Rs. 67.47 million have been completed.

(iii) In order to supplement the efforts of Pakistan Science Foundation/ Ministry of Science & Technology, a development project entitled "Financial Support to Scientific Societies in Pakistan" was approved by DDWP in October 2000 at a total cost of Rs. 39.00 million including FEC of Rs. 9.00 million. During the last five years PSF has provided an amount of Rs. 27.18 million to 33 societies for their activities.

(ii) The Government of Pakistan through Ministry of Science & Technology/Pakistan Science Foundation is carrying out activities for providing invention to Scientists and Technologists for the development of Science & Technology in the country. Some of the activities are;

- **Research Support Grants to Scientists in Universities and other R&D Organizations:** In order to undertake research on important scientific topics in various disciplines of Science PSF provides research grants to Scientists for procurement of research equipment, chemical material and literature. An honorarium equivalent to two months basic pay to Principal Investigator and one month basic pay to the Co-Principal Investigator for each completed year of work is also granted.

- **Awards for Inventions and Innovations:** In order to provide incentives to scientists, who are engaged in the development of new technologies, PSF has initiated a programme for grant of cash awards ranging from Rs. 25,000/- to Rs. 100,00/- for inventions and innovations.

- **Travel Grants to Scientists for their Participation in International Conferences, Seminars and Workshops:** PSF provides financial assistance to scientists, engineers and doctors for their participation and presentation for research papers in International Conferences/Seminars and Workshops. During the last five years PSF has provided travel grant amounting to Rs. 16.245 million to 232 Scientists to belonging various Universities and R&D Organizations.

- **Research Support Programme for Active Scientists and Technologists:** PSF has launched a scheme for provision of funds to active Scientists for procurement of lab equipment. chemicals and research material computers etc. This will enhance their research capabilities and enable them to carry out their research programmes more effectively. An amount of Rs. 33.35 million has paid to 39 Scientists during 2004-2005 and 2005-2006.

- **Financial Support for Publication of Scientific Journals:** PSF provides financial support for the publication of eight Scientific Journals. This is in addition to the 14 scientific journals being funded under the Scientific Societies Scheme.

- **Financial Support for Holding of Conferences Seminars and Workshops:** PSF provides financial assistance to Scientific Organizations for holding of Conferences, Seminars, Workshops, etc. on important scientific topics. About Rs. 0.50 million is granted to 15 Scientific Organizations annually for the purpose.

- **Provision of Scientific and Technological Information:** In order to facilitate Scientists in conducting research activities. PSF through, Pakistan Scientific and Technological Information Centre (PASTIC), a subsidiary Organizations, provides S&T information to scientific research workers from the local and foreign research databases. The information is provided at a nominal rate.

(iii) In addition, incentives like (i) Research Productivity Allowance have been awarded to local Scientists Engineers on the basis of the research productivity measurement according to the internationally accepted criteria of the impact factor and citation index in some categories ranging from Rs. 5000/ to Rs. 100,000/- per month and (ii) Model Tenure Track Process Statutes with higher structures as compared to Basic Pay Scales is being implemented at Universities and Degree granting institutions in Pakistan to local academician (Rs. 50,850/- to Rs. 134,000/-per month) to check brain drain.

(iv) The Government has also placed emphasis on promotion of Science & Technology in the society/country at all level some of the programmes which were initiated in the areas are as under:

- Popularization of Science in Rural Areas (Cost Rs. 22.21 million).
- Career Development of Young Scientists and Technologists (Cost Rs. 28.00 million).
- Teachers & Researchers Overseas Scholarships Scheme. 100 scholarships (cost Rs. 826.70 million).
- Establishment of Virtual Orientation Gallery at the Pakistan Museum of Natural History, Islamabad (Cost Rs. 8.5 million).
- Science Awareness through TV Channels (Cost Rs. 39.753 million).

Mr. Chairman: This brings us to end of the Question Hour. The remaining answers be taken as read. There are two requests of Point of Order.

خورشید صاحب آپ کا ایک تھا۔ دیکھ لیتے ہیں اگر وقت ہوا تو باقی بھی لے لیں گے ۔ میرے پاس ایک رضا صاحب کا تھا۔ پہلے پروفیسر صاحب کا لے لیتے ہیں ۔

RE: A MISHAP IN HANGU AT THE EVENT OF ASHURA

(MUHARRAM)

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ شکریہ جناب چیئرمین! میرے point of order کا تعلق کل عاشورہ کے موقع کے اوپر جو واقعہ ہنگو میں ہوا ہے اور جس میں International Media کی رپورٹ کے مطابق تین افراد شہید ہوئے ہیں ۔ زخمیوں کی تعداد بھی بہت بڑی ہے اور یہ اس صورت میں ہوا ہے جب کہ حکومت سیکیورٹی کے بارے میں ہمیں یقین دلا رہی تھی کہ ہم نے بالکل faultless نظام قائم کیا ہے ۔ یہاں جو شہید ہوئے ہیں ان کے لیے دعائے مغفرت کی درخواست کروں گا اور میں چاہوں گا کہ وزیر داخلہ ایوان میں آئیں اور بتائیں کہ کیا ہوا ہے ، کیوں ہوا ہے اور وہ اس سلسلے میں کیا کر رہے ہیں تا کہ ایوان سمجھ سکے کہ آخر کیا وجہ ہے کہ ہر موقع کے اوپر ساری تیاری اور ساری warnings کے باوجود یہ واقعات ہوتے ہیں اور حکومت امن و امان قائم کرنے ، ان مقدس اور اہم دینی مواقع کے اوپر بھی سیکیورٹی قائم کرنے میں قطعاً ناکام رہی ہے ۔

جناب چیئرمین، سانگرئی صاحب ۔ پہلے دعا کرلیں ۔

(اس موقع پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب چیئرمین، جی شہزاد صاحب آپ کچھ بتائیں گے ۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (وزیر مملکت برائے امور داخلہ)، شکریہ جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں شکرگزار ہوں پروفیسر خورشید صاحب کا بھی کہ انہوں نے اس واقعہ کی طرف نشاندہی کی ۔ Sir, جیسا کہ تمام Honourable Senators کو معلوم ہے کہ پورے

ملک میں یوم عاشور ہمیشہ مذہبی روایات کے تحت منایا جاتا ہے اور اس کا احترام تمام فرقے کرتے ہیں ۔ اس مرتبہ بھی تمام ملک میں اس کو منایا گیا اور سوائے ہنگو کے آپ اگر دیکھیں تو تمام ملک میں نہایت پرامن طریقے کے ساتھ یہ مذہبی تہوار منایا گیا۔

جناب چیئرمین! ہنگو کے اندر جو واقعہ پیش آیا اس سے پہلے میں یہ بتانا چاہوں گا کہ حکومت نے بھرپور سیکیورٹی انتظامات کیے تھے اور تمام صوبائی حکومتوں کو بھی مطلع کیا گیا تھا اور ان کو بھی بہتر سیکیورٹی انتظامات کرنے کے لئے کہا گیا تھا۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان جمعہ کی آواز سنائی دی)

جناب! میں عرض کر رہا تھا کہ مرکز کی طرف سے تمام صوبائی حکومتوں کو امن و امان کے معاملات کو یقینی بنانے کے لیے ہدایات جاری کی گئی تھیں اور تقریبا تمام جگہوں پر معاملات بخیرو خوبی انجام دیئے گئے سوائے ایک واقعہ کے جو ہنگو میں ہوا۔

جناب! میں ایک بات ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ ہنگو کا واقعہ کوئی sectarian واقعہ نہیں ہے۔ یہ purely ایک terrorist کارروائی تھی جس کو ہم تمام لوگ condemn کرتے ہیں۔ جب اجتماع کے لیے لوگ اکٹھے ہو رہے تھے تو وہاں پر ایک bomb blast ہوا اور یہ تحقیقات جاری ہیں کہ کیا وہ suicidal تھا یا کوئی remote control device تھی۔ اس پر تحقیقات جاری ہیں لیکن وہاں پر ایک bomb blast ہوا جس کے بعد وہاں پر موجود لوگوں میں اشتعال بھی پھیلا' firing کے واقعات بھی ہوئے اور یہاں تک کہ وہاں پر مسافر وین پر بھی fire کیا گیا۔ دکانوں کو جلایا گیا اور تقریباً بیس دکانوں کو ہنگو بازار میں نذر آتش کیا گیا اور اس tragedy کے نتیجے میں تقریباً 27 قیمتی جانوں کا نقصان ہوا اور 47 لوگ زخمی ہوئے جنہیں سی۔ ایم۔ ایچ کوہاٹ اور ہنگو کے ہسپتالوں میں admit کیا گیا۔

اس کے واقعے کے بعد وہاں پر ایف سی کے troops کو mobilize کیا گیا اور بعد میں وہاں پر army troops کو بھی بلایا گیا جنہوں نے تمام صورت حال کا کنٹرول سنبھالا اور حالات کو اور security کی situation کو normalize کیا۔

صوبائی حکومت نے اس کی judicial enquiry کا حکم دیاہے اور جو قیمتی جانیں ضائع ہوئیں ان کے ورثاء کے لیے ایک لاکھ اور زخمیوں کے لیے پچاس ہزار روپیہ دینے کا بھی اعلان کیا

گیا ہے۔ اس موقعے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے میں یہ کہنا چاہوں گا کہ کچھ قوتیں ہیں جو نہیں چاہتیں کہ اس ملک کے اندر، تمام مسلمان بھائی فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے ساتھ، اپنے اپنے مسلک کے مطابق، اپنی مذہبی رسومات ادا کریں بلکہ وہ یہاں پر ایک anarchy کی کیفیت پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس موقعے کو بھی انہوں نے استعمال کیا اور یہ terrorist کارروائی کی جس کی ہم پر زور مذمت کرتے ہیں۔

میں یہ بھی assure کروں گا اس ہاؤس کو کہ جس طرح ماضی میں مختلف terrorist کارروائیوں کے بعد اس کے پیچھے چھپے ہاتھ کو بے نقاب کیا اور معاملات کی تہہ تک پہنچے۔ انشاء اللہ اس مذموم کارروائی کے پیچھے جو لوگ ہیں ان تک بھی ہم پہنچیں گے اور ان کو انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے۔

Mr. Chairman: Mr. Raza Muhammad Raza.

ذرا مختصر رکھئے۔

RE: A RAID ON THE HOUSE OF MEHMOOD KHAN ACHAKZAI

سینیٹر رضا محمد رضا: شکریہ جناب چیئرمین! میں مختصر رکھوں گا۔ ہوا یہ ہے کہ سات اور آٹھ فروری کی درمیانی شب رات کی تاریکی میں پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور پونم کے نائب صدر جناب محمود خان اچکزئی کے گھر، جو کوئٹہ میں واقع ہے، رات کی تاریکی میں بھاری مسلح فورس نے چھاپہ مارا اور محمود خان کے گھر میں متعین ان کے محافظین کو اٹھا کر لے گئے۔

جناب! آپ کو علم ہے کہ محمود خان اچکزئی پر اس ملک کے اداروں نے ایک ایسی صورت حال مسلط کی ہوئی ہے کہ بدترین قسم کی دشمنی جس میں تقریباً تین سو کے قریب بے گناہ لوگوں کا انتہائی وحشیانہ طریقے سے قتل عام ہوا ہے۔ ان کی مشکل ہے کہ انہیں اپنے گھر پر محافظین رکھنے پڑتے ہیں۔ جناب! ایسے حالات میں کہ جب عاشورہ کے مقدس ایام میں چھاپہ مارنا اور پارٹی محافظین کا اغوا، جناب یہ وہ لوگ ہیں جن کو قانون و آئین کی کوئی پرواہ نہیں، جن کو چادر اور چار دیواری کا کوئی احساس نہیں۔ جو ایک منظم سازش کے تحت ایسے حالات پیدا کرتے ہیں۔ آپ اندازہ لگائیں اگر محمود خان جیسا دشمنی میں گھرا ہوا شخص یا ان کے محافظین کوئی ردعمل ظاہر

کرتے ہیں رات کی تاریکی میں یا پھر آٹھ اور نو محرم کی وجہ سے جو صورت حال تھی اس پر اگر پارٹی کوئی رد عمل ظاہر کرتی---- پارٹی نے صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا اور یہ کہا کہ یوم عاشور کے دوران ہمارا کوئی ردعمل نہیں ہوگا۔ جناب والا! تاہم کل کوئٹہ میں اہم ترین احتجاجی مظاہرہ ہوگا۔ جن لوگوں نے انہیں اٹھایا ہے' یہ اداروں کے لوگ ہیں جو اس صورت حال کو ایک تسلسل کے ساتھ پورے صوبے میں بڑھانا چاہتے ہیں۔ یہ پختونخواہ ملی پارٹی کو بھی اس بات پر مجبور کر رہے ہیں کہ وہ وہی طریقے اپنائے جو اس صوبے کی دوسری قوتوں نے اپنائے ہیں۔ جناب والا! اس وقت ہماری پارٹی کے چیئرمین کے گھر کی جو حالت ہے' اس پر پورے صوبے میں انتہائی بے چینی پائی جاتی ہے اور اس کے خلاف بڑا ردعمل ہوگا۔ ان کے بارے میں ابھی تک کسی کو پتا نہیں ہے ۔ صوبائی حکومت کہتی ہے کہ ہمارے علم میں کوئی بات نہیں ہے' وہاں کی پولیس اور دیگر متعلقہ ادارے کہتے ہیں کہ ہمیں کوئی علم نہیں ہے۔ اس وقت تک اس واقعے کو رونما ہوئے تین راتیں گزر گئی ہیں لیکن کوئی ادارہ یہ تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہے کہ یہ بندے کس نے اٹھائے ہیں' ان کا جرم کیا تھا اور ان کو اٹھانے کی وجہ کیا تھی؟ اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ ایک خاص منصوبے کے تحت یوم عاشور کے موقع پر' ان حساس حالات میں ایک کارروائی کی ہے۔ آپ نے ہنگو کے حالات دیکھے ہیں۔ پورے ملک کے حالات دیکھ لیں۔ آپ پچھلے ایک سال سے کوئٹہ کے حالات دیکھ رہے ہیں۔ اس لئے یہ ایک سازش تھی۔ اس طرح سے ملکی حالات خراب کئے جا رہے ہیں اور فرقہ وارانہ واقعات ہو رہے ہیں' ان میں گورنمنٹ کے ادارے involve ہیں۔ اب پرسوں کے واقعے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس شرانگیز کارروائی اور اشتعال انگیز کارروائی کا مقصد یہ تھا کہ پارٹی کو provocate کیا جائے' انہیں اشتعال دلایا جائے تاکہ وہ ان مقدس ایام میں سڑکوں پر نکلیں اور پھر اس سے استفادہ کرکے حکومتی plan پر عمل کریں۔ اس لئے جناب والا! میرا مطالبہ یہ ہے کہ جناب محمود خان اچکزئی جو قومی اسمبلی کے ممبر ہیں' ایک اہم اتحاد کے نائب صدر ہیں' پارٹی کے چیئرمین ہیں' ان کو رہا کیا جائے ۔ جناب والا! ان کی تمام زندگی عدم تشدد کے اصول پر گزری ہے لیکن اداروں نے ان پر ایک قسم کی جنگ مسلط کرکے ان کے سینکڑوں کارکن اور عزیز و اقارب مار دیے ہیں۔ اب اگر وہ ان حالات میں اپنے گھر پر محافظین رکھتے ہیں' تو یہ ان کی ضرورت ہے۔ آپ رات کے اندھیرے میں ان پر حملے کرتے ہیں اور وہاں

سے سب کچھ لے جاتے ہیں - وہاں پر کوئی چیز بھی محفوظ نہیں ہے۔ سب کچھ وہ لے گئے ہیں اور اب تک وہ حبس بے جا میں ہیں۔ کسی کو پتا نہیں ہے کہ وہ زندہ بھی ہیں یا نہیں اور کہاں بند رکھے ہوئے ہیں۔ اس لئے اس صورت حال کا فوری نوٹس لیا جائے اور انہیں اور ان کے ساتھیوں کو فوری رہا کیا جائے۔ اس واقعے کی اعلیٰ سطح پر تحقیق کی جائے اور جو ذمہ دار ہیں' انہیں سزا دی جائے۔ جناب والا! یہ میرا point of order ہے۔

جناب چیئرمین: سعدیہ عباسی صاحبہ۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب والا! وزیر صاحب نے کہا ہے کہ جو واقعہ ہنگو میں ہوا ہے' it is not a sectarian violence. Reuter کی پانچ منٹ پہلے کی report ہے' میں اسے آپ کو پڑھ کر سناتی ہوں کہ

Shi , ite and Sunni Muslims exchanged small arms and rocket fired on Friday around a Pakistani town in which 36 people died. No group has claimed the responsibility but Shi , ite leaders were quick to accuse sunni militants. The blame them of sectarian attacks as well as Al-Qaida linked islamic violence. Pakistani Shi , ite leader Sajid Ali Naqvi called the Hungo incident religious terrorism and accused Musharraf Government of failing to rein in Sunny militants.

وزیر صاحب یہ statement دے رہے ہیں اور دنیا کو بتایا جا رہا ہے۔ جناب والا! اس طرح سے دنیا کو کیا message دے رہے ہیں اور پھر یہ کہنا کہ terrorism نہیں ہے' there is difference between terrorism and sectarian violence نہیں ہے اور sectarian violence. یہ کیا باتیں کر رہے ہیں؟

جناب چیئرمین: آپ پہلے انہیں سن لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، جناب والا! انہوں نے "Reuter" کی ایک رپورٹ پڑھی ہے۔ اگر آپ باقی international media کی reports پر جائیں تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ یہاں

پر کھڑے ہو کر ---

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم : آج ہم ان چیزوں کی مذمت کر رہے ہیں جو مسلمانوں کے خلاف کبھی cartoons کی شکل میں اور کبھی کسی اور شکل میں چھاپی جاتی ہیں اور جو معاملات international media میں پیدا ہو رہے ہیں، پھر میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا وہ claim بھی نہیں بنتا۔

جناب والا! بات یہ ہے کہ ہر چیز جو کہیں بھی چھپتی ہے، اسے ہمیں آسمانی صحیفہ سمجھ کر قبول نہیں کرنا چاہئیے اور میں یہی point یہاں emphasize کرنا چاہ رہا ہوں کہ لوگ چاہتے ہیں کہ یہاں پر بدامنی پیدا ہو اور اس کے لئے مختلف واقعات کو استعمال کیا جاتا ہے لیکن ہماری کوشش یہی ہونی چاہئیے کہ ہم استعمال نہ ہوں۔ کیا میں نے غلط کہا ہے؟ میرے خیال میں یہاں میرے سینیٹرز بھائی بھی اس بات سے متفق ہوں گے کہ پاکستان میں کوئی شیعہ کسی سنی کا مخالف ہے اور نہ کوئی سنی کسی شیعہ کے مخالف ہے۔ سب ایک دوسرے کے فرقوں کا احترام کرتے ہیں مگر وہ لوگ جو مختلف شکلیں بدل کر اور بھیس بدل کر یہاں پر بدامنی پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین، مسٹر کنرانی۔

سینیٹر امان اللہ کنرانی، شکریہ جناب چیئرمین! آپ نے time دیا ۔ میری گزارش ہے، جیسا کہ ڈیڑھ مہینے سے یعنی ۳۰ دسمبر ۲۰۰۵ء سے ڈیڑہ بگٹی، کوہلو پر گولہ باری اور بمباری ہو رہی ہے بالآخر تین دن پہلے ڈیڑہ بگٹی شہر کو پاکستانی افواج اور ملٹری فورسز نے فتح کر لیا۔ اس لیے اس پر میں جناب وزیر داخلہ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے جس طریقے سے ڈیرہ بگٹی کو فتح کیا---

جناب چیئرمین، آپ کا point کیا ہے ۔یہ تو نہیں ہے۔

سینیٹر امان اللہ کنرانی، جناب! یہی ہے کہ انہوں نے conquer کیا۔ اسے conquer کرنے کے بعد جس طرح فاتح فوجیں اداروں میں، گھروں میں آتی ہیں اور جس طرح ان

کو آگ لگا کر جلایا گیا ہے جس طرح فاتح فوجیں آتی ہیں۔لوٹ مار شروع کر دیتی ہیں۔دکانوں کو ، گھروں کو ، ہندوؤں اور مسلمانوں کو کسی discrimination کے بغیرفورسز ہر ایک گھر میں گھسی ہیں اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر جناب والا! معمولی جگہ نہیں ہے ۔وہاں کی تیس ہزار آبادی ہے اور وہاں پر تین دن پہلے جو کچھ ہوا ،ہم اس کی مذمت کرتے ہیں اور بالخصوص جو لوٹ مار ہوئی ہے ۔ نواب اکبر بگٹی ایک پارٹی کے سربراہ ہیں اور پاکستان کی ایک مایہ ناز سیاسی شخصیت ہے ۔ اس کے گھر کو بمباری کرکے آگ لگا دی گئی ہم اس کی شدید مذمت کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین، ثناء اللہ بلوچ صاحب۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، شکریہ جناب چیئرمین! میرا بھی نکتہ اعتراض یہی ہے کہ بلوچستان کے عوام کے خلاف ،تسلسل کے ساتھ ان کی جان و مال اور چادر و چار دیواری کے تقدس کو پامال کیا جا رہا ہے اور اس کی ابتداء ۱۷ مارچ ۲۰۰۵ء میں نواب اکبر خان بگٹی کے گھر پر جو پہلا حملہ ہوا تھا جس میں کوئی ساٹھ کے قریب معصوم شہری بالخصوص minority سے تعلق رکھنے والے ہندو شہید کر دیئے گئے ۔جناب والا! اس کے بعد ۱۷ اکتوبر کو عطاء اللہ مینگل کے گھر پر خفیہ اداروں کے ایما پر حملہ کروایا گیا ۔ بعد ازاں نواب اکبر خان بگٹی کے گھر کو چھ اور سات فروری کو ، ہماری فوجوں نے ہمارے غریب خانوں کو فتح کر لیا جیسے کنرانی صاحب نے کہا ۔ سات اور آٹھ فروری کی درمیانی شب کو محمود خان اچکزئی جو بلوچستان کے پشتون سیاسی راہنماؤں میں قابل قدر راہنما ہیں ۔ ان چاروں راہنماؤں کا صرف یہ قصور ہے کہ گزشتہ چھ سالوں سے یہ جنرل مشرف کی غیر آئینی اور غیرجمہوری حکومت کے سامنے جھکے نہیں ہیں ۔ آج تک پاکستان کے تمام سیاسی اکابرین کو ، تمام سیاسی جماعتوں کو ایک ایک کرکے بلایا گیا ۔ان سے ایوان صدر میں جنرل مشرف کی تابعداری قبول کروائی گئی لیکن پاکستان کی تاریخ میں یہ record ہے کہ ان چاروں حکمرانوں نے آج تک اسلام آباد میں جنرل مشرف کی غیر آئینی اور غیرجمہوری حکومت کے سامنے گھٹنے نہیں ٹیکے۔ آج ان کی جمہوریت پسندی کی یہ سزا دی جا رہی ہے ان کی آئین دوستی کی ، ان کی انسان دوستی کی ، کیونکہ ان کے گھروں کو مسمار کیا جا رہا ہے ۔ان کے قبرستانوں کو تباہ کیا جا رہا ہے ۔ان کے شہروں کو نیست و نابود کیا جا رہا ہے اور ان کو یہ جتایا جا رہا ہے کہ اگر آپ اس

ملک میں غیر جمہوری اور غیر آئینی حکمرانی کو قبول نہیں کریں گے تو آپ کو اس ملک میں رہنے کا حق نہیں ہے ۔جناب والا! آپ نے دیکھا ہوگا یہاں جہاں پر بھی اس طرح کے واقعات پورے پاکستان میں ہو رہے ہیں۔ (xxxx) ہاتھوں پورا پاکستان یرغمال بنا ہوا ہے چینی کی قیمت آسمان پر پہنچ گئی ہے۔

جناب چیئرمین، آپ تشریف رکھیں۔آپ کا point جو ہے --

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، جناب! لیکن لیکن ---

(مداخلت)

جناب چیئرمین، تشریف رکھیں آپ نے جو پوائنٹ کرنا تھا بلوچستان کے بارے میں بس ٹھیک ہے ۔باقی رہنے دیں ۔اس لیے کہ اگر کوئی حکومت غیر آئینی ہے تو پورا ایوان ہی غیر آئینی ہو جاتا ہے --

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، آج تک محمود خان اچکزئی ، سردار عطاء اللہ مینگل نے اس غیر آئینی حکومت کو قبول نہیں کیا۔ ہم اس پر واک آؤٹ کرتے ہیں اور شدید احتجاج کرتے ہیں وفاقی حکومت کے رویے اور فورسز کے رویے کے خلاف۔

(اس موقع پر اپوزیشن کے ارکان واک آؤٹ کر گئے)

جناب چیئرمین، نصیر اللہ مینگل صاحب

سینیٹر میرمحمد نصیر مینگل ، (وزیر مملکت برائے پٹرولیم) ، point of clarificatio پر بتانا چاہتا ہوں کہ میرے معزز بھائی نے بتایا کہ سردار صاحب کے گھر خفیہ ایجنسیوں کے ایما پر کیا گیا۔ یہ بالکل غلط ہے کسی خفیہ ایجنسی کے ایما پرنہیں کیا گیا' وہ وہاں کے Tribals کا ایک مسئلہ تھا تو اس میں کسی ادارے کو ملوث نہیں کرنا چاہیے اور اس میں کوئی صداقت نہیں ہے ۔یہ میں وضاحت کرنا چاہتا تھا۔

جناب چیئرمین، گلشن سعید صاحبہ۔

+ [(xxx) Words expunged by the orders of Honourable Chairman]

سینیٹر گلشن سعید، جناب چیئرمین صاحب! ابھی آپ دیکھیں کہ ہمیشہ اپوزیشن والے نام لے کر ہماری پارٹی کے لیڈرز کو نشانہ بناتے ہیں۔ یہ اچھی بات نہیں ہے آپ اپنی تقریر میں جو مرضی کہہ سکتے ہیں، کہتے ہیں کہ سارا ملک چوہدریوں کے ہاتھوں یرغمال ہے۔ یہ لفظ آپ دیکھیں ان سے کہیں ایک تو اس میں سے نکالیں---

جناب چیئرمین، سارے personal remarks کے بارے میں پہلے ہی instructions دی ہوئی ہیں کہ all personal remarks have been expunged۔

سینیٹر گلشن سعید، دوسرا یہ ہے کہ اس دن بھی آپ کے سامنے میں نے اٹھ کر یہ کہا تھا کہ وزیر صاحب آئے ہیں ذرا ان کی بات سن لیتے ہیں۔ جب میں نے کہا کہ وزیر صاحب آئے ہیں ان کی بات سن لیتے ہیں تو انہوں نے مجھے کہا کہ ان کو اٹھا کر باہر پھینک دو اور اس طرح کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ آپ رضا ربانی صاحب کو بلا کر، ان کو یہ بتائیں کہ یہ غیر پارلیمانی الفاظ خواتین اور دوسرے ممبرز کے لیے استعمال نہ کریں۔ یہ جو مرضی کہتے رہے ہیں ہم نے ان کو کبھی چیلنج نہیں کیا مگر یہ غلط بات ہے کہ وزیر اعظم صاحب کے بارے میں، صدر صاحب کے بارے میں ایسی باتیں کریں، اگر ایسا کریں گے تو پھر reaction ہوتا ہے، پھر لڑائی شروع ہو جاتی ہے اور یہ ایوان بالکل مچھلی منڈی بن جاتا ہے۔ بیک وقت چھ آدمی اٹھ کر برا بھلا کہنا شروع ہو جاتے ہیں۔ جناب والا! اس کا آپ ذرا سختی سے نوٹس لیں اور ان کو warn کریں کہ ایوان میں اس طرح کی باتیں ٹھیک نہیں ہیں۔ جو مرضی ہے یہ کہیں لیکن اس طرح کے personal remarks نہ دیا کریں تو ان کے لیے بہتر ہے ورنہ پھر ہم بھی reaction دکھاتے ہیں، شکریہ۔

جناب چیئرمین، وسیم سجاد صاحب۔

سینیٹر وسیم سجاد، جناب والا! چینی کے مسئلے پر بات ہو رہی تھی اور انہوں نے صحیح فرمایا کہ اس آڑ کے نیچے، ہمارے معتبر اکابرین کے خلاف بات کرنا مناسب نہیں ہے۔ چینی کے کارخانے تو کئی لوگوں کے ہیں، بے شمار کارخانے ہیں۔ چینی کی جو قیمتیں بڑھی ہیں اس کی وجوہات وزیر صاحب نے بیان کر دی ہیں اور میرے خیال میں ہمارے اپوزیشن کے ممبران ہیں

ان میں سے زرداری صاحب کی چار ملیں ہیں لیکن ہم یہ تو نہیں کہتے کہ زرداری صاحب کی وجہ سے قیمتیں بڑھی ہیں۔ چینی کی قیمتیں بڑھنے کی وجہ یہ ہے کہ برازیل جو چینی پیدا کرنے والا سب سے بڑا ملک ہے اس نے چینی کی پیداوار کم کر دی ہے کیونکہ تیل کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں اور انہوں نے ethanol بنانا شروع کر دیا ہے، ایک وجہ یہ ہے ۔ ہندوستان میں قیمتیں بڑھ گئی ہیں۔ تقریبا ہر ملک جہاں چینی بن رہی ہے ، قیمتیں بڑھ گئی ہیں ۔ اس کے باوجود حکومت سرتوڑ کوشش کر رہی ہے کہ چینی کی قیمتوں کو معمول پر لایا جائے ۔ اس سلسلے میں پرسوں بھی وزیر اعظم صاحب نے میٹنگ کی تھی، آج بھی میٹنگ ہو رہی ہے اور سوموار کو بھی میٹنگ ہوگی تاکہ کوئی ایسا طریقہ کار نکالا جائے کہ چینی کی قیمتوں کو معمول پر لایا جائے لیکن ہم اس سے انکار نہیں کر سکتے کہ market forces کو control کرنا کسی کے بس کی بات نہیں ہوتی۔ اگر آج تیل کی قیمت چڑھ گئی ہے تو یہاں پر کسی کی تیل کی مل تو نہیں ہے ، کیوں تیل کی قیمت چڑھی ہے ، کیا وجہ ہے تیل کی قیمت آسمان سے بات کر رہی ہے ۔ پاکستان کا کوئی ایسا سیاستدان نہیں ہے جس کے پاس تیل کی کوئی مل ہو، تو قیمت کیوں چڑھی ہے، کیا وجہ ہے کہ دنیا میں قیمتیں چڑھ جاتی ہیں۔جناب والا! آپ تو banker بھی ہیں، معاشیات سے بھی واقف ہیں ، قیمتیں چڑھنے کا جو phenomenon ہوتا ہے اس کی بہت وجوہات ہوتی ہیں تو میں ان کی تائید کرتا ہوں کہ ہمیں grace کرنا چاہیے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے اپوزیشن کے ممبران ویسے بھی چلے گئے ہیں، آج جمعہ ہے نماز کا وقت بھی ہے تو مناسب ہوگا کہ ایوان کو Monday تک adjourn کر دیا جائے۔

سینیٹر کلثوم پروین ، جناب والا ! نصیر مینگل صاحب نے وضاحت کی تھی کہ اگر Tribals میں بھی کوئی جھگڑا ہوتا ہے تو اس طرف بیٹھے ہوئے ہمارے ممبران تمام ذمہ داری ایجنسیوں اور حکومت پر ڈال دیتے ہیں۔ یہ کوئی اچھی روایت نہیں ہے کہ اگر کوئی گھر کی لڑائی ہے وہ بھی حکومت پر ڈال دیں اور باہر کی لڑائی ہے تو وہ بھی حکومت پر ڈال دیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہنگو کے واقعہ کی ، میں بھی پرزور مذمت کرتی ہوں مگر یہ دیکھیں کہ یوم عاشور کتنی عقیدت و احترام سے منایا گیا اور چاروں صوبوں میں حالات بڑے

normal رہے اور خاص کر بلوچستان میں۔ میں وزیر اعلیٰ جام یوسف صاحب کو اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کو مبارکباد دیتی ہوں کہ اتنے اچھے طریقے سے یوم عاشور منایا گیا۔ تمام لوگ خوفزدہ تھے کہ نہ معلوم اس دفعہ کیا ہوگا مگر شکر ہے الحمدللہ وہاں بھی حالات بڑے بہتر رہے۔ ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ باقی جگہوں پر کتنے اچھے طریقے سے یوم عاشور عقیدت و احترام سے منایا گیا، ہنگو کا واقعہ بلاشبہ تکلیف دہ ہے ہم اس کی مذمت کرتے ہیں مگر باقی صوبوں میں دیکھنا چاہیے کہ اس دفعہ حکومت نے بہترین کردار ادا کیا جس کے لیے ہماری حکومت مبارکباد کی مستحق ہے۔

جناب چیئرمین، آغا پری گل۔

سینیٹر آغا پری گل، شکریہ! جناب چیئرمین! جس طرح نصیر مینگل صاحب نے کہا کہ اگر گھر کی لڑائی ہوتی ہے تو یہ گھر کی لڑائی لا کر اسمبلی میں پیش کرتے ہیں، میں ان کی تائید کرتی ہوں۔ دوسری بات یہ کہتی ہوں کہ اگر دیکھا جائے بلوچستان والوں پر چوہدریوں کا بہت بڑا احسان ہے۔ جیسا کہ ثناء اللہ بلوچ صاحب نے کہا ہے میں ان کی پرزور مذمت کرتی ہوں کہ انہوں نے بہت گندے طریقے سے چوہدریوں کا نام لیا ہے۔ یہ تو وہی چوہدری ہیں جنہوں نے اتنے ووٹ لے کر بلوچستان کو وزیر اعظم دے دیا۔ اب بھی اگر یہ کہتے ہیں کہ چوہدریوں کی تھانیداری ہے تو میں کہوں گی کہ ان بیچاروں کے پاس الفاظ ختم ہو گئے ہیں، ایل ایف او، وردی سارے ختم ہوگئے ہیں اب ایک چوہدری رہ گئے تھے، مگر میں اس بات کی پرزور مذمت کرتی ہوں، چوہدریوں کا ہم پر احسان ہے۔ جناب چیئرمین! ہمارے بلوچستان کے قومی اسمبلی کے دو ووٹ تھے، یہ بہت بڑی بات ہے کہ اتنی بڑی قربانی چوہدریوں نے بلوچستان کے لیے دی، اپنا تاج لے کر بلوچستان کے لوگوں کے سر پر رکھا اور وزیر اعظم بنا دیا۔ ہمارے پاس دو ووٹ والے وزیر اعظم بنے پھر اس کے باوجود بھی وہ یہ کہیں چوہدریوں نے یہ کیا اور وہ کیا۔۔۔میں اس بات کی پرزور مذمت کرتی ہوں کہ آئندہ اگر کسی نے چوہدریوں کا نام لیا --- جنہوں نے بلوچستان والوں پر بہت بڑا احسان کیا۔ جناب! آپ خود بتائیں کہ میرے پاس دو vote ہیں اور میں اسمبلی کی ممبر ہوں تو میں Prime Minister یا Chairman Senate بن سکتی ہوں، کبھی بھی نہیں

بن سکتی۔ پنجاب کے اتنے ووٹ تھے، فرنٹیئر اور سندھ کے ووٹ تھے تو چوہدریوں نے بلوچستان والوں کے ہاتھ میں دے دیئے اور ظفر اللہ جمالی Prime Minister بنے۔ یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ ہوا ہے اور وہ بھی چوہدریوں کی وجہ سے۔ وہ بھی بلوچستان کے ہیں میں بھی پہلے پاکستانی ہوں اور پھر بلوچستان کی ہوں مگر یہ کہ ہمیں اتنا نمک حرام اور گندے ذہن لانے نہیں چاہیئیں۔ اگر کوئی ہمارے ساتھ ذرا بھی وفا کرتا ہے، نیکی کرتا ہے تو کم از کم ہم ان کو کچھ نہ دیں تو پیار و عزت سے ان کا نام تو لیں، پھر دوبارہ میں مذمت کرتی ہوں۔ شکریہ۔

Mr . Chairman: The House stands adjourned to reconvene again on Monday at 4.30 PM.

....

[The House was then adjourned to meet again on Monday, 13th February, 2006 at 4.30 pm]

....